Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد نمبر 17 | سوموار، 01 جون 2026، 15 ذوالحجہ 1447 ھ، صفحات 4، قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 50

آئی ایم ایف کی حکومت کو جی ایس ٹی بڑھا کر 19 فیصد کرنیکی تجویز

جنرل سیلز ٹیکس کی معیاری شرح 19 فیصد کی جائے' پاکستانی حکام اس تجویز کی سخت مخالفت کر رہے ہیں اور ان کا موقف ہے کہ اس سے مہنگائی میں مزید اضافہ ہوگا

آئی ایم ایف کی تجویز پر الیکٹرک وہیکلز اور ہائبرڈ گاڑیوں پر جنرل سیلز ٹیکس میں بھاری اضافے کی تجاویز زیر غور ہیں، جس سے ان گاڑیوں کی قیمتیں بڑھ سکتی ہیں

FBR' محصولات کی وصولی' 868 ارب کمی کا سامنا

مئی 2026 میں محصولات کا خسارہ بڑھ کر 184 ارب روپے تک جا پہنچا

اسلام آباد (این ای این) ایف بی آر کے محصولات میں کمی مالی سال 2025-26 کے پہلے گیارہ ماہ (جولائی تا مئی) کے دوران یہ 868 ارب روپے تک پہنچ گئی۔ ایف بی آر نے اب تک 12,095 ارب روپے کے نظرِ ثانی شدہ ہدف کے مقابلے میں 11,227 ارب روپے جمع کیے (بقیہ نمبر 1)

اسلام آباد (این ای این) عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) نے حکومت پاکستان کو تجویز دی ہے کہ مالی سال 2026-27 کے بجٹ میں جنرل سیلز ٹیکس کی معیاری شرح 18 فیصد سے بڑھا کر 19 فیصد کی جائے۔ پاکستانی حکام اب تک اس تجویز کی سخت مخالفت کر رہے ہیں اور ان کا موقف ہے کہ اس سے مہنگائی میں مزید اضافہ ہوگا، جی ایس ٹی میں (بقیہ نمبر 2)

وفاقی بجٹ کا حجم ساڑھے 17 ہزار ارب کے لگ بھگ

آئی ایم ایف کے ساتھ بجٹ مذاکرات مکمل ہو گئے' ذرائع وزارت خزانہ

اسلام آباد (این ای این) آئندہ مالی سال 2026-27 کے لیے وفاقی بجٹ کا حجم ساڑھے 17 ہزار ارب روپے کے لگ بھگ رہے گا۔ ذرائع وزارت خزانہ کے مطابق آئی ایم ایف کے ساتھ بجٹ مذاکرات مکمل ہو گئے اور اہم بجٹ اہداف پر اتفاق ہوا ہے، آئی ایم ایف کے (بقیہ نمبر 3)

ترکیہ کا اسرائیل سے فلسطینی ریاست کو تسلیم کرنیکا مطالبہ

فلسطینی ریاست تسلیم کر کے اسرائیل بھی علاقائی اتحاد کا حصہ بن سکتا ہے' ترکیہ ریاست کا بڑا اعلان

اسرائیل 1967 کی سرحدوں کی بنیاد پر ایک آزاد فلسطینی ریاست کو تسلیم کر لے، حاکان فیدان

ترکیہ (این ای این) وزیر خارجہ حاکان فیدان نے کہا ہے کہ اگر اسرائیل 1967 کی سرحدوں کی بنیاد پر ایک آزاد فلسطینی ریاست کو تسلیم کر لے تو اسے خطے کے ممالک پر مشتمل ایک مشترکہ علاقائی تعاون پلیٹ فارم میں شامل کیا جا سکتا ہے۔ غیر ملکی میڈیا (بقیہ نمبر 6)

نوجوانوں کو تمباکو خطرات سے بچانا قومی ذمہ داری' زرداری

نوجوانوں کو نشے کی لت لگانیوالوں' موت کے سوداگروں کا مقابلہ کرنے کیلئے قانون سازی' موثر نفاذ ناگزیر

عالمی ادارہ صحت کے تخمینے کے مطابق تمباکو دنیا بھر میں ہر سال 70 لاکھ سے زائد اموات کا سبب بنتا ہے' صدر

لاہور (این ای این) صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا ہے تمباکو کی مصنوعات صحت اور معیشت کے لیے سنگین خطرات کا باعث ہیں، موجودہ اور آنے والی نسلوں کو تمباکو کی مصنوعات کے نقصانات سے بچانا اجتماعی ذمہ داری ہے۔ عالمی یوم انسداد تمباکو (بقیہ نمبر 5)

ایران کی جوہری ہتھیار نہ بنانے' نہ خریدنے کی یقین دہانی

ایرانی مذاکرات کار انتہائی سخت مؤقف رکھتے ہیں اور بات چیت میں وقت لگ رہا ہے، امریکی صدر

تنازع کے بجائے معاہدے کو ترجیح دیتے ہیں، کیونکہ سمجھوتے کے بعد آبنائے ہرمز کو کھولا جا سکتا ہے' ٹرمپ

واشنگٹن (این ای این) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے دعویٰ کیا ہے کہ ایران نے نہ صرف جوہری ہتھیار تیار نہ کرنے بلکہ کسی بھی ذریعے سے ایسے ہتھیار حاصل نہ کرنے پر بھی آمادگی ظاہر کر دی ہے جسے انہوں نے جاری مذاکرات میں ایک اہم (بقیہ نمبر 4)

تمباکو نوشی وبا سے زیادہ خطرناک

مریم نواز

تمباکو کا ہر کش' نئی بیماری کی طرف قدم بڑھانے کے مترادف' جبکہ تمباکو نوشی محض عادت نہیں بلکہ اپنی ہی صحت، معیشت اور معاشرت پر خودکش حملے کے مترادف ہے

نوجوان نسل کو تمباکو نوشی سے محفوظ رکھنے کیلئے ممکنہ اقدامات پر یقین رکھتے ہیں، تمباکو نوشی اثرات بارے میں آگاہی صرف حکومتی نہیں بلکہ مشترکہ سماجی ذمہ داری ہے

لاہور (این ای این) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا عالمی یوم انسداد تمباکو پر پیغام دیتے ہوئے کہا ہے کہ تمباکو نوشی کسی بھی مہلک مرض سے زیادہ خطرناک ثابت ہو سکتی ہے۔ مریم نواز نے تمباکو کو وبا سے بھی بدتر قرار دیا، تمباکو کا ہر کش، ایک نئی بیماری کی طرف قدم بڑھانے کے مترادف ہے، جبکہ تمباکو نوشی محض عادت نہیں بلکہ اپنی ہی صحت، معیشت اور معاشرت پر خودکش حملے کے مترادف ہے۔ انہوں نے اپنے پیغام میں کہا کہ پنجاب میں سکولوں، کالجوں اور تعلیمی اداروں میں تمباکو نوشی پر پابندی یقینی بنانے کے لئے اقدامات کئے جا رہے ہیں، سرکاری دفاتر، پبلک ٹرانسپورٹ اور دیگر عوامی مقامات پر سگریٹ نوشی جرم ہے، عملدرآمد یقینی بنائیں گے۔ مریم نواز نے کہا ہے کہ نوجوان نسل (بقیہ نمبر 7)

ایران کی دفاعی قوت اور عسکری تیاری دشمنوں کے لیے واضح پیغام ہے، ایڈمرل حبیب اللہ سیاری' غیر ملکی رپورٹ

ایران کی فوج دشمنانہ کارروائی کا مقابلہ کرنے کیلئے پوری طرح تیار ہے اور ملک کے دفاع کے لیے مضبوطی سے کھڑی ہے

تہران (این ای این) ایران کی مسلح افواج کے ایک سینئر کمانڈر نے خبردار کیا ہے کہ ملک کے خلاف کسی بھی نئی جارحیت کا جواب پہلے سے کہیں زیادہ سخت اور طاقتور انداز میں دیا جائے گا۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق ایرانی فوج کے نائب کمانڈر برائے رابطہ امور ریئر ایڈمرل حبیب اللہ سیاری نے اپنے بیان میں کہا کہ دشمن کو یہ بات اچھی طرح سمجھ لینی چاہیے کہ ایران کی سرزمین کے خلاف کسی بھی قسم کی جارحیت کا جواب ماضی کے مقابلے میں کہیں زیادہ شدید ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ اسلامی جمہوریہ ایران کی فوج ہر قسم کی دشمنانہ کارروائی کا (بقیہ نمبر 10)

صوبائی وزیر بلدیات ذیشان رفیق پبلک سیکرٹریٹ آڈھا حلقے میں آئے ہوئے سائلین کے مسائل سن رہے ہیں

ایران سے ڈیل ہوگی تو آبنائے ہرمز کھل جائے گی' امریکی وزیر جنگ

سنگاپور (این ای این) امریکی وزیر جنگ پیٹ ہیگستھ نے کہا کہ آبنائے ہرمز کی ناکا بندی برقرار ہے، جب ایران کیساتھ ڈیل ہوگی تو آبنائے ہرمز کھول دی جائیگی۔ (بقیہ نمبر 8)

گلگت انتخابات' پنجاب پولیس سے نفری طلب

ٹرانسپورٹ اور عملے کی تفصیلات بھی سی پی او کو بھجوانے کا حکم دیا گیا ہے

گلگت (این ای این) گلگت بلتستان انتخابات کی سکیورٹی کیلئے پنجاب پولیس سے نفری طلب کر لی گئی۔ پنجاب پولیس کے 5000 اہلکار گلگت بلتستان بھجوائے جائیں گے۔ رائٹ مینجمنٹ فورس کے 1500 اہلکار گلگت بلتستان الیکشن کی سکیورٹی پر تعینات ہوں گے، اس کے علاوہ پنجاب (بقیہ نمبر 9)

کسی بھی نئی جارحیت کا زیادہ طاقتور جواب دیا جائیگا' ایران

آٹو انڈسٹری میں انقلاب' 23 گاڑیاں متعارف کرانیکا امکان

جون سے دسمبر 2026 کے درمیان پاکستانی مارکیٹ میں 23 نئی گاڑیاں متعارف کرائے جانیکا امکان ہے

20 گاڑیاں برقی ٹیکنالوجی سے لیس ہونگی' 87 فیصد نئی گاڑیاں الیکٹرک، ہائبرڈ یا ریچ ایکسٹینڈڈ ٹیکنالوجی پر مشتمل ہونگی

کراچی (این ای این) پاکستان کی آٹوموبائل صنعت آئندہ برسوں میں سب سے بڑی تبدیلی کے دہانے پر کھڑی ہے جہاں الیکٹرک اور ہائبرڈ گاڑیوں کی تیزی سے بڑھتی آمد روایتی پٹرول گاڑیوں کی جگہ لینے کی جانب اہم پیش رفت سمجھی جا رہی ہے۔ صنعتی اعداد و شمار کے مطابق جون سے دسمبر 2026 کے درمیان پاکستانی مارکیٹ میں 23 نئی گاڑیاں متعارف کرائے جانیکا امکان ہے (بقیہ نمبر 13)

ڈولفن سکواڈ اور پی آر یو کی ہفتہ وار کارکردگی رپورٹ جاری' متعدد ملزمان گرفتار

لاہور (این ای این) لاہور پولیس کے ڈولفن سکواڈ اور پولیس ریسپانس یونٹ (پی آر یو) نے ہفتہ وار کارکردگی رپورٹ جاری کر دی، جس کے مطابق جرائم پیشہ (بقیہ نمبر 15)

صوبائی وزیر کھیل کا تحصیل اسپورٹس کمپلیکس مری کا دورہ

کھیلوں کی سہولیات کو عالمی معیار کے مطابق بنانے' خود کفیل ماڈل اپنانیکی ہدایات

راولپنڈی (حاجی ندیم سے) صوبائی وزیر امور نوجوانان و کھیل پنجاب ملک فیصل ایوب کھوکھر نے تحصیل اسپورٹس کمپلیکس دھوبی گھاٹ، مری کا تفصیلی دورہ کیا اور کمپلیکس میں موجود کھیلوں کی سہولیات، جاری انتظامی امور اور دستیاب انفراسٹرکچر کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر متعلقہ افسران نے صوبائی وزیر کو مختلف کھیلوں کی سرگرمیوں، سہولیات اور درپیش ضروریات کے (بقیہ نمبر 14)

صوبائی وزیر کھیل فیصل ایوب کھوکھر سپورٹس کمپلیکس دھوبی گھاٹ مری کے دورے کے موقع پر انتظامی امور پر بریفنگ لے رہے ہیں

مری: پنجاب فوڈ اتھارٹی مری کی ٹیم مختلف فوڈ پوائنٹس پر اشیاء خورد و نوش کا معیار چیک کر رہی ہیں

پنجاب فوڈ اتھارٹی معیاری خوراک کی فراہمی کیلئے متحرک

11 فوڈ پوائنٹس کیخلاف کارروائی' 2 لاکھ 25 ہزار روپے کے جرمانے عائد

راولپنڈی (حاجی ندیم سے) پنجاب فوڈ اتھارٹی نے مری میں سیاحوں کو معیاری، محفوظ اور صحت بخش خوراک کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے بھرپور کارروائیاں کرتے ہوئے مختلف فوڈ پوائنٹس کی تفصیلی چیکنگ کی۔ ترجمان پنجاب فوڈ اتھارٹی کے مطابق مری میں سیاحتی سیزن کے دوران خوراک کے معیار کو برقرار رکھنے کے لیے خصوصی مہم جاری ہے، جس کے تحت مری ایکسپریس وے اور کارٹ روڈ پر قائم 77 فوڈ پوائنٹس کا معائنہ کیا گیا۔ چیکنگ (بقیہ نمبر 16)

پاکستان کولبیتم' 3 پرائیویٹ عالمی ایوارڈز ملے

حج پالیسی 2027 جون، بکنگ آئندہ دو ماہ میں مکمل کی جائے گی، سردار یوسف

مکہ مکرمہ (اے ایف بی) وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف نے حج 2026 کے کامیاب انعقاد اور پاکستان کو مسلسل دوسرے سال بین الاقوامی کولبیتم ایکسی لنس اور پرائیوٹ حج سکیم کو تین ایوارڈ ملنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ رواں سال بہترین انتظامات کی بدولت شکایات کا تناسب ایک فیصد سے بھی کم رہا، روڈ ٹو مکہ پراجیکٹ سے 80 فیصد عازمین نے فائدہ اٹھایا۔ سعودی حکومت کی نئی ٹائم لائن کے تحت حج پالیسی 2027 رواں سال جون (بقیہ نمبر 17)

موسم تبدیل' تعطیل کے باعث بجلی طلب میں نمایاں کمی

لیسکو سسٹم پر بجلی کی مجموعی طلب میں تقریباً 1800 میگاواٹ تک کمی دیکھی گئی

اسلام آباد (این ای این) موسم میں خوشگوار تبدیلی اور سرکاری تعطیل کے باعث بجلی کی طلب میں نمایاں کمی ریکارڈ کی گئی ہے، جس کے نتیجے میں لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی (لیسکو) کے سسٹم پر دباؤ بھی کم ہو گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق لیسکو کے سسٹم پر بجلی کی مجموعی طلب میں تقریباً 1800 میگاواٹ تک کمی دیکھی گئی۔ طلب میں کمی کے بعد لیسکو کی بجلی کی طلب اور فراہمی دونوں تقریباً 1300 میگاواٹ کی سطح پر آ گئی ہیں، جس سے بجلی کی ترسیل کے (بقیہ نمبر 18)

عیدالاضحیٰ اپنے پیاروں کے ساتھ منانے کے بعد پردیسیوں کی آبائی علاقوں سے واپسی کی وجہ سے ریلوے اسٹیشن پر رش لگا ہوا ہے

حجاج کی واپسی کا مرحلہ' پہلی پرواز اسلام آباد پہنچ گئی

اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر پہنچنے والے حجاج کرام کا پرتپاک استقبال کیا گیا' عازمین حج کو خوش آمدید بھی کہا گیا

مجموعی طور پر 213 خصوصی پروازوں کے ذریعے 53 ہزار سے زائد پاکستانی حجاج کو وطن واپس لایا جائیگا' قومی ایئرلائن

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) فریضہ حج کی ادائیگی کے بعد پاکستانی عازمین کی وطن واپسی کا سلسلہ باقاعدہ شروع ہو گیا پہلی بعد از حج پرواز جدہ سے 114 حجاج کو لے کر وفاقی دارالحکومت اسلام آباد پہنچ گئی۔ اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر پہنچنے والے حجاج کرام کا پرتپاک استقبال کیا گیا۔ اس موقع پر (بقیہ نمبر 26)

تالاب میں نہاتے ہوئے 4 بچے ڈوب کر جاں بحق

جاں بحق ہونے والوں میں دو سگے بھائی بھی شامل ہیں، ریسکیو حکام

پشاور (این ای این) ہنگو کے علاقے کوٹلی میں واقع پانی کے تالاب چھوٹے ڈیم میں نہاتے ہوئے 4 بچے ڈوب کر جانحق ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق تالاب میں 5 بچے نہاتے ہوئے ڈوب گئے تھے جن میں سے 4 بچے جاں بحق جبکہ ایک بچے کو زندہ بچا لیا (بقیہ نمبر 27)

کرنٹ کا جھٹکا' گھر کے کام کے دوران زندگی کا چراغ گل

واشنگ مشین قاتل بن گئی' کپڑے دھوتے ہوئے 43 سالہ خاتون جاں بحق

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) چکری روڈ پر واقع الشفا ہسپتال میں ایک افسوسناک حادثے کے دوران واشنگ مشین سے کرنٹ لگنے کے باعث 43 سالہ خاتون جاں بحق ہو گئیں۔ ریسکیو 1122 کے مطابق حافظہ بی بی معمول کے مطابق واشنگ مشین سے کپڑے دھو رہی تھیں کہ اچانک مشین میں کرنٹ آ گیا جس نے انہیں اپنی لپیٹ میں لے لیا۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو (بقیہ نمبر 11)

لاہور میں لاکھوں روپے کی چوری کا معمہ حل، گھریلو ملازمہ سمیت 3 ملزمان گرفتار

لاہور (این ای این) ڈیفنس سی پولیس نے بڑی کارروائی کرتے ہوئے لاکھوں روپے مالیت کی چوری میں ملوث گھریلو ملازمہ سمیت تین ملزمان کو گرفتار کر لیا پولیس (بقیہ نمبر 12)

GPI نے کسانوں کیلئے ترقی کے دروازے کھول دیے

جدید نظام متعارف' جی پی آئی کی معاونت سے بنجر زمینوں کی بحالی، زرعی سرمایہ کاری اور برآمدی مواقع میں نمایاں اضافہ ہوا

جی پی آئی کے انقلابی اقدامات زرعی ترقی، کسانوں کی فلاح اور دیہی معیشت کے استحکام کو نئی تقویت دے رہے ہیں

اسلام آباد (این ای این) جی پی آئی نے زرعی شعبے کی ترقی اور کسانوں کی سہولت کاری کو نئی جہت دی۔ جدید زرعی ٹیکنالوجی، ڈیجیٹل مانیٹرنگ اور اسمارٹ فارمنگ کے فروغ سے کسانوں کو سہولیات فراہم کی گئیں۔ لمز پاکستان، سیٹلائٹ نگرانی اور جدید زرعی رہنمائی کے نظام سے کاشتکاروں کی استعداد اور (بقیہ نمبر 19)

بابوسر ٹاپ جانے والوں کیلئے ٹریول ایڈوائزری جاری

ملحقہ علاقوں پر مسلسل برف باری کی وجہ سے ٹریفک میں نمایاں طور پر خلل پڑا

اسلام آباد (این ای این) ناران کے ضلعی حکام نے بابوسر ٹاپ کیلئے جاری ٹریول ایڈوائزری میں سیاحوں، مسافروں اور ٹرانسپورٹ آپریٹرز پر زور دیا گیا ہے کہ احتیاط برتیں اور مسلسل برف باری اور سڑک کی خطرناک صورتحال کے باعث غیر ضروری (بقیہ نمبر 20)

وفاقی وزیر کا لیسکو اہلکاروں پر بغیر رسید رقم وصولی کا الزام

ٹرانسفارمر کی مرمت کے لیے 80 ہزار روپے رسید دیئے بغیر وصول کر لیے' وفاقی وزیر دفاع خواجہ محمد آصف

گاؤں والوں نے چندہ جمع کر کے لیسکو کے ملازمین کو 80 ہزار روپے ادا کیے مگر رسید کسی نے نہیں دی' وفاقی وزیر کا الزام

اسلام آباد (این ای این) وزیر دفاع خواجہ آصف نے لیسکو اہلکاروں پر واردات کا الزام لگایا ہے کہ ٹرانسفارمر کی مرمت کے لیے 80 ہزار روپے رسید دیئے بغیر وصول کر لیے۔ وزیر دفاع خواجہ آصف نے ایکس پر لکھا ہے کہ میرے گھریلو ملازم کے گاؤں میں ٹرانسفارمر کل جل گیا، لیسکو کے ایک پرانے مہربان کو فون کیا کہ کسی کو فون کریں اور مہربانی (بقیہ نمبر 22)

مبینہ پولیس مقابلہ، ریکارڈ یافتہ ملزم زخمی حالت میں گرفتار

واضح رہے کہ گرفتار ملزم مہران امجد مختلف مقدمات میں پولیس کو مطلوب تھا

فیصل آباد (این ای این) فیصل آباد تھانہ روشن والا کے علاقہ میں پولیس اور جرائم پیشہ عناصر کے درمیان مبینہ پولیس مقابلہ پیش آیا۔ ایس ایچ او تھانہ روشن والا انسپکٹر رائے شاہد نے اپنی ٹیم کے ہمراہ کاروائی کرتے ہوئے پولیس مقابلے کے دوران ریکارڈ یافتہ ملزم مہران امجد ولد امجد علی کو زخمی حالت میں گرفتار کر لیا۔ پولیس نے زخمی ملزم کو اپنی تحویل میں لے (بقیہ نمبر 21)

پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن کے صدر عارف سعید دیگر کے ہمراہ 20 ویں ایشین گیمز میں فن رن کے حوالے سے بریفنگ دے رہے ہیں

جرمنی میں 'جشن معرکہ حق' آپریشن بنیان المرصوص' کی تیسری تقریب' تقریب کے مہمان خصوصی چیئرمین یورپی یونین پاک فرینڈ شپ یورپ ڈاکٹر پرویز اقبال (تمغہ خدمت) تھے۔ شرکاء نے پاکستان، افواج پاکستان، اور فیلڈ مارشل سے اپنی محبت اور یکجہتی کا بھرپور اظہار کیا

جشنِ معرکہ حق آپریشن بنیان مرصوص کی تیسری تقریب

اوورسیز پاکستانیوں، جرمن کشمیری کمیونٹی، بچوں، خواتین اور بزرگوں کی شرکت

فرینکفرٹ، جرمنی (نمائندہ عوامی للکار) یورپی یونین پاک فرینڈ شپ فیڈریشن جرمنی کے زیر اہتمام جشنِ معرکہ حق آپریشن بنیان مرصوص کی تیسری تقریب 24 مئی 2026 کو فرینکفرٹ، جرمنی میں منعقد ہوئی۔ اس پروگرام میں اوورسیز پاکستانیوں، جرمن کشمیری کمیونٹی، بچوں، خواتین اور بزرگوں کی بڑی تعداد نے بھرپور شرکت کی۔ تقریب کا (بقیہ نمبر 28)

گلگت الیکشن: صدر' وزیر اعظم' وفاقی وزرا کے انتخابی مہم کیلئے داخلے پر پابندی

گلگت بلتستان انتخابات میں ضابطہ اخلاق پر ہر صورت عمل درآمد یقینی بنایا جائیگا' ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی ناقابل برداشت

ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی پر امیدوار یا متعلقہ فرد کو گلگت بلتستان سے بے دخل کیا جا سکتا ہے' چیف الیکشن کمشنر راجہ شہباز

گلگت (این ای این) گلگت بلتستان میں الیکشن کے سلسلہ میں وفاقی وزراء، چیرمین سینٹ، صدر اور وزیر اعظم کے انتخابی مہم کیلئے داخلے پر پابندی عائد کر دی گئی۔ چیف الیکشن کمشنر راجہ شہباز خان نے کہا ہے کہ گلگت بلتستان انتخابات میں ضابطہ اخلاق پر ہر صورت عمل درآمد یقینی بنایا جائیگا، کسی بھی امیدوار نے ضابطہ اخلاق کیخلاف ورزی کی تو اسے نااہل قرار دیا (بقیہ نمبر 29)

سپر ٹیکس پر نظر ثانی، تنخواہ دار طبقے کو ریلیف دیا جائے

متوازن پالیسیوں سے محصولات میں اضافہ ممکن ہے' صدر شیخ احسان الحق

لاہور (این ای این) پاکستان ٹیکس بار ایسوسی ایشن نے کہا ہے کہ آئندہ مالی سال کے بجٹ میں تنخواہ دار طبقے اور باقاعدگی سے ٹیکس ادا کرنیوالوں پر مزید بوجھ ڈالنے کے بجائے ٹیکس نیٹ کو وسعت اور معیشت کے غیر دستاویزی شعبوں کو ٹیکس دائرے میں لایا جائے۔ ایسوسی ایشن کے صدر شیخ احسان الحق، جنرل سیکرٹری طاہر محمود بٹ، سینئر نائب صدر شیخ (بقیہ نمبر 23)

بیوٹیفکیشن منصوبہ' دو بازاروں کو خوبصورت بنانیکا فیصلہ

صرافہ بازار کو بھی بیوٹیفکیشن منصوبہ کے تحت خوبصورت بنانے کا عندیہ

سرگودھا (نمائندہ عوامی للکار) سرگودھا شہر میں بیوٹیفکیشن منصوبہ کے تحت دو بازاروں سٹی روڈ اور کچہری بازار کو خوبصورت بنانے کے ساتھ صرافہ بازار کو انتظامیہ نے خوبصورت کرنے کا فیصلہ کر لیا جس پر جلد ہی کام کا آغاز متوقع ہے۔ ذرائع کے مطابق صراف ایسوسی ایشن کے رہماں متین احمد قریشی، آصف محمود چشتی، محمد اسلام اور میاں خرم جبار نے بتایا کہ انتظامیہ نے شہر کے بڑے تجارتی مراکز کے ساتھ صرافہ بازار کو بھی بیوٹیفکیشن منصوبہ کے تحت خوبصورت (بقیہ نمبر 24)

علاقہ شاہ پور میں لڑکی زیادتی کیس کا ڈراپ سین

زیادتی کا سرغنہ وین ڈرائیور اپنے 5 ساتھیوں سمیت اپنے انجام کو پہنچ گئے

میانوالی (این ای این) میانوالی سرگودھا روڈ پر واقع علاقہ شاہ پور میں لڑکی زیادتی کیس کا ڈراپ سین، زیادتی کا سرغنہ اور مرکزی کردار وین ڈرائیور اپنے 5 ساتھیوں سمیت اپنے انجام کو پہنچ گئے، لڑکی اور لڑکا گناہ میں برابر کے شریک تھے لڑکے نے ہمدرد بن کر شادی کا جھانسہ دیا اور تعلقات کو بڑھایا اور زیادتی کا نشانہ بنایا ڈالا، اور سنگین نتائج کی دھمکیاں دیکر ہراساں کرتا رہا، اور دوستوں کو کہا کہ اس سے گزارا کر لیں، لڑکی کو مبینہ طور پر بلیک میل کر کے (بقیہ نمبر 25)

ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا گرجا گھروں کی سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ لے رہے ہیں

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
عوام کی بے ساختہ للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

بجٹ محصولات اور اعتماد کا بحران

وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگ زیب نے کچھ روز پہلے کہا تھا کہ آئندہ بجٹ میں ٹیکس دہندگان پر مزید بوجھ نہیں ڈالا جائے گا بلکہ ٹیکس نیٹ کو وسعت دے کر معیشت کے ان شعبوں کو ٹیکس کے دائرہ کار میں لایا جائے گا جو اب تک ٹیکس نیٹ سے باہر ہیں۔ بظاہر یہ ایک خوش آئند اعلان ہے کیونکہ ہمارے ہاں ٹیکس کا نظام طویل عرصے سے عدم توازن کا شکار ہے۔ یہاں تنخواہ دار طبقہ رجسٹرڈ کاروبار اور دستاویزی معیشت سے وابستہ لوگ تو ٹیکس ادا کرتے ہیں جبکہ معیشت کا ایک بڑا حصہ اس ذمہ داری سے تقریباً آزاد ہے۔ تاہم سوال یہ ہے کہ کیا اس بار واقعی صورتحال مختلف ہوگی یا ماضی کی طرح اضافی بوجھ پھر انہی طبقات پر پڑے گا جو پہلے ہی ٹیکس نیٹ میں ہیں؟ مالی سال 2026-27 کے لیے ایف بی آر کا ہدف 15267 ارب روپے مقرر کیا گیا ہے جو رواں مالی سال کے مقابلے میں تقریباً 13.7 فیصد یا 1833 ارب روپے زیادہ بنتا ہے۔ ان اضافی محصولات کے لیے آئی ایم ایف نے جو اصلاحات تجویز کی ہیں ان میں صوبوں کو اضافی 430 ارب روپے جمع کرنے کے علاوہ پٹرولیم لیوی میں اضافے سمیت کئی طرح کے اقدامات شامل ہیں۔ آئی ایم ایف کی ان ہدایات کی روشنی میں بظاہر یہ ماننا مشکل ہے کہ آنے والا بجٹ نئے ٹیکسوں سے بالکل پاک ہوگا بلکہ سوال یہ ہونا چاہیے کہ نیا مالی بوجھ کتنا ہوگا۔ جہاں تک ٹیکس نیٹ کو بڑھانے اور کمپلائنس اور انفورسمنٹ کی بات ہے تو یہ اصولی طور پر درست بلکہ ناگزیر ہے کہ غیر دستاویزی معیشت کو ٹیکس نیٹ میں لایا جائے۔ ملکِ عزیز کی معیشت کا ایک بڑا حصہ بدستور نقد لین دین پر مشتمل ہے اور مختلف اندازوں کے مطابق معیشت کا ایک وسیع حصہ مکمل طور پر دستاویزی نظام سے باہر ہے۔ اگر ہول سیل اور ریٹیل تجارت ریئل اسٹیٹ اور زرعی آمدنی کے بڑے حصے اور دیگر غیر رجسٹرڈ شعبے ٹیکس نظام میں شامل ہو جائیں تو نہ صرف محصولات میں اضافہ ہوسکتا ہے بلکہ ٹیکس نظام میں انصاف بھی پیدا ہوسکتا ہے۔ ہر سال بجٹ سے پہلے یہ دعویٰ کیا جاتا ہے کہ ٹیکس چوری کرنیوالوں اور ٹیکس نیٹ سے باہر شعبوں کو ٹیکس نیٹ میں لایا جائے گا لیکن بجٹ کے نفاذ کے بعد یہ بھاری پتھر کوئی بھی نہیں اٹھاتا اور ٹیکس کا بوجھ حسبِ معمول بالواسطہ ٹیکسوں اور پہلے سے ٹیکس دینے والوں کو اٹھانا پڑتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اس بار بھی عوام اور ماہرینِ معیشت مزید ٹیکس کے بجائے مزید ٹیکس دہندگان کے حکومتی دعوے کو محتاط نظروں سے دیکھ رہے ہیں۔ معیشت کا سب سے بڑا چیلنج صرف محصولات اکٹھے کرنا نہیں بلکہ عوامی اعتماد بحال کرنا بھی ہے۔ جب ایک ٹیکس گزار ملازم اپنی تنخواہ سے باقاعدگی سے ٹیکس کٹتا دیکھتا ہے مگر غیر رجسٹرڈ شعبوں کو کوئی نہیں پوچھتا تو اس سے نظام کے بارے میں بے اعتمادی پیدا ہونا یقینی ہے۔ یہی احساس ٹیکس کلچر کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ بنتا ہے۔ چنانچہ محض ٹیکسوں میں اضافہ یا نئے اہداف مقرر کر دینا مسئلے کا حل نہیں اصل ضرورت انتظامی اصلاحات ڈیجیٹل معیشت کے فروغ ٹیکس چوری کی روک تھام سرکاری اخراجات میں کفایت شعاری اور اقتصادی سرگرمیوں کے فروغ کی ہے۔ اگر صنعتیں اور کاروبار ترقی کریں گے تو محصولات خود بخود بڑھیں گے لیکن اگر معاشی سرگرمی سست رہی اور محصولات کا بوجھ صرف موجودہ ٹیکس دہندگان پر پڑتا گیا تو سرمایہ کاری روزگار اور معاشی نمو پر اس کے منفی اثرات مرتب ہوں گے۔ اس نقطہ نظر سے آئندہ بجٹ حکومت کیلئے ایک امتحان ہے۔ اگر واقعی غیر دستاویزی معیشت کو ٹیکس نیٹ میں لانے کیلئے موثر اور قابلِ عمل اقدامات کیے جائیں تو یہ ایک مثبت پیش رفت ہوگی لیکن اگر ماضی کی روایت برقرار رہی اور محصولات کا بھاری بوجھ تنخواہ دار طبقے اور دستاویزی معیشت پر ڈالا گیا تو نہ صرف عوامی بے چینی بڑھے گی بلکہ ٹیکس نظام پر اعتماد بھی مزید کمزور ہوگا۔

فری لانسنگ آمدنی

سٹیٹ بینک آف پاکستان کے مطابق رواں مالی سال کے پہلے 10 ماہ کے دوران پاکستانی فری لانسرز نے 95 کروڑ 90 لاکھ ڈالرز رمبادلہ کمایا جبکہ گزشتہ مالی سال کے اسی عرصے میں یہ رقم 64 کروڑ 20 لاکھ ڈالر تھی۔ ایک سال کے دوران فری لانسرز کی آمدنی میں 49 فیصد اضافہ اس شعبے کی غیر معمولی ترقی کو ظاہر کرتا اور اس شعبے میں آمدنی کے روشن امکانات کا عکاس ہے۔ ایسے وقت میں جب روایتی ملازمتوں کے مواقع محدود ہو رہے ہیں فری لانسنگ کا شعبہ نوجوانوں کیلئے روزگار کا ایک موثر اور پرکشش متبادل بن کر ابھر رہا ہے۔ اندازوں کے مطابق فری لانس پلیٹ فارمز کی مارکیٹ کی مالیت 2025 میں چھ ارب ڈالر سے زیادہ تھی اور 2033 تک یہ 24 ارب ڈالر سے تجاوز کرسکتی ہے۔ سافٹ ویئر ڈویلپمنٹ مصنوعی ذہانت ڈیجیٹل مارکیٹنگ کانٹینٹ کریئیشن گرافک ڈیزائننگ ویڈیو پروڈکشن اور ای کامرس جیسے شعبے اس مارکیٹ کی بنیاد ہیں۔ ملک کے بے روزگار نوجوان ان شعبوں میں عالمی معیار کی مہارتیں حاصل کرکے نہ صرف خود خوشحال ہو سکتے ہیں بلکہ ملک کیلئے اربوں ڈالر کے اضافی زرمبادلہ کا حصول بھی ممکن بنا سکتے ہیں۔ اگر حکومت تعلیمی ادارے نجی شعبہ اور مالیاتی ادارے مل کر ایک جامع حکمت عملی اختیار کریں تو پاکستان نہ صرف خطے میں فری لانسنگ کا ایک بڑا مرکز بن سکتا ہے بلکہ آئی ٹی اور ڈیجیٹل خدمات کی برآمدات میں بھی نمایاں اضافہ کرکے معاشی استحکام کی جانب اہم پیش رفت کرسکتا ہے۔

مشکلیں .....!

دور ہوں کیسے معاشی مشکلیں
کس طرح تبدیل ہوں حالات بھی
کوئی بس چلتا نہیں مہنگائی پر
اور بے قابو ہیں اخراجات بھی

انور شعور

اے غزہ تو آبروئے امت مرحوم ہے



مملکت اے مملکت
☆☆☆
محمود شام
Mahmood.shaam@janggroup.com.pk

نیتن یاہو کی حملہ آور فوج نے خود مختار لبنان کی حدود میں 29 میل فتح کر کے لیطانی دریا بھی عبور کر لیا ہے۔ صدیوں سے رہنے والے لبنانی بے دخل کر دیے گئے ہیں کسی ایک اسلامی ملک نے بھی اس پر موثر احتجاج نہیں کیا۔ نیتن یاہو نے یہ بھی فاتحانہ اعلان کیا ہے کہ اب غزہ پٹی کا 70 فیصد ہمارے اختیار میں ہے۔ دنیا کا ایک چھوٹا سا ملک کس طرح تمام ملکوں عالمی اداروں کو بے بس بنائے ہوئے ہے۔ آج سے 1314 سال قبل 712 عیسوی میں جب کوئی مصنوعی ذہانت نہیں تھی، فون واٹس ایپ ای میل سیٹلائٹ فون اور نہ ہی ڈرون اور میزائل۔ اس وقت ایک مسلمان بیٹی کی فریاد عراق کے شہر واسط میں حجاج بن یوسف تک پہنچی تو فوراً محمد بن قاسم کو اپنے لشکر کیساتھ اس بیٹی کو باحفاظت چھڑوانے کیلئے بھیجا گیا۔ آج 2026 میں اے آئی، ڈرون، میزائل، تیز رفتار طیاروں، ٹریلروں، ٹینکوں کے دور میں اور جب سوشل میڈیا ٹی وی چینلوں پر ہر لحظہ غزہ اور لبنان سے بچوں عورتوں کی فریادیں، جیلوں میں قیدیوں سے بربریت براہ راست 56 اسلامی ملکوں کے دارالحکومتوں میں بادشاہوں، صدور، سپہ سالاروں، وزرائے خارجہ کی آنکھوں اور کانوں تک پہنچ رہی ہیں۔ کوئی حجاج بن یوسف اپنی آئینی انسانی اسلامی ذمہ داری خیال نہیں کرتا۔ ان کے پاس بیکراں دولت ہے، بے حساب فوجیں ہیں، دفاعی معاہدے ہیں۔ کوئی غزہ میں کسی بیٹی کی مدد پر غور نہیں کر رہا ہے۔ کوئی لبنان میں غاصب اسرائیلی فوج کی پیش قدمی روکنے کیلئے فوجی ایکشن تو اپنی جگہ بہانگ دہل مذمت بھی نہیں کر رہا۔ بلکہ مسلمان ملکوں کے سربراہ وزرائے خارجہ بھاگے بھاگے ہنسی خوشی وشنگٹن پہنچ رہے ہیں جو قابض اسرائیل کا سب سے بڑا پالن ہار ہے۔ امریکی صدر مظلوم مسلمانوں کیظالم سربراہوں سے کہہ رہے ہیں۔ ایک مسلم ملک ایران سے امن معاہدہ اسی صورت میں ہوگا کہ آپ لوگ ابراہیم ایکارڈ میں شامل ہوں، اسرائیل کو تسلیم کریں۔ امریکی صدر کو جواب تو اچھا اور کرارا ملا ہے کہ اسرائیل کو اسی وقت تسلیم کیا جائے گا جب فلسطین کو ایک آزاد اور خودمختار مملکت کی مکمل حیثیت دے دی جائیگی۔

اسرائیل نے جس طرح دنیا کو اپنے اسلحے اور چنگیزی ذہنیت سے بے بس کیا ہے اسی طرح بہت تباہ و برباد ہونے والے اپنے رہبر معظم سمیت 40 کے قریب اعلیٰ عہدے داروں کو کھو دینے کے باوجود ایران نے اپنی حکمت عملی سے دنیا کی سب سے بڑی فوجی، سیاسی، معاشی، سفارتی طاقت امریکہ کو بے بس کر دیا ہے۔ امریکی عوام پشیمان ہیں کہ ہم نے کس باولے کے ہاتھ میں اپنی باگ ڈور دے دی ہے جو واشنگٹن کی آنکھ سے نہیں دنیا کے معاملات کو اسرائیل کی عینک سے دیکھ رہا ہے۔ ممکن ہے آپ جب یہ سطور پڑھ رہے ہوں۔ ٹرمپ نے ایران کے ارسال کردہ 14 نکات میں سے 12 کو قبول کرنے کا اعلان کر دیا ہو۔ پھر ایران یہ مطالبہ کر رہا ہو کہ ان نکات کی ضمانت اقوام متحدہ کی سیکورٹی کونسل سے دلوائی جائے۔ ایران کی اب تک سب سے بڑی کامیابی یہ ہے کہ اس نے 47 سال کی مزاحمت کے بعد امریکہ کو ناقابل اعتبار قرار دلوا دیا ہے۔ بظاہر تو ایران اپنے ایٹمی پروگرام کی وجہ سے امریکہ کا ہدف ٹھہرا ہے اور بعض سنجیدہ عالمی حلقے اس سے اتفاق بھی کرتے ہیں۔ لیکن ایران سے امریکہ کی اصل دشمنی ایران کی اسرائیل دشمنی کے باعث ہے۔ تاریخ نے دیکھا ہے کہ جتنے میزائل اور ڈرون ایران کے اسرائیل پر گرے ہیں اتنے کسی اور اسلامی ملک نے نہیں پھینکے۔ اسرائیل ہم سب کے نزدیک قابل نفرت اس لیے ہے کہ اس نے 56 لاکھ فلسطینیوں سے ان کے زندہ رہنے کا حق چھین لیا ہے۔ 1948 میں اسرائیل کے قیام سے لیکر اب تک نظر ڈالیں کہ فلسطینیوں کو انکی اپنی سرزمین سے دربدر کر کے اسرائیل کے ذریعے مشرق وسطیٰ میں امریکی اتحادیوں نے اپنے پاؤں کیسے جمائے ہیں۔ لیلیٰ خالد جیسی مجاہداؤں نے اپنی جان پر کھیل کر امریکی مسافر جہاز ہائی جیک کر کے فلسطین کا مسئلہ اجاگر کیا۔ یاسر عرفات یاد آتے ہیں۔ مجھے اس عالمی مجاہد سے ایک بار لاہور، ایک بار لاڑکانہ میں ملنیا تھ ملانے کا شرف حاصل ہوا۔ کیا بصیرت تھی اور کیا ہاتھ کی گرفت وہ بالآخر طویل جدوجہد کے بعد اوسلو معاہدہ کرنے میں کامیاب ہوئے جس پر دستخط وائٹ ہاؤس میں 13 ستمبر 1993 کو ہوئے۔ اسرائیل نے فلسطینی تنظیم آزادی کو تسلیم کیا فلسطین نے اسرائیل کو۔ مگر یہ وہ سحر نہیں تھی جس کا انتظار تھا۔ یہ اجالا یکسر داغ داغ تھا۔ اس لیے آج تین دہائیاں گزرنے کے بعد بھی فلسطینی بربریت کا شکار ہیں۔ ویسٹ بینک مشرقی یروشلم غزہ پٹی کے 6022 مربع میل پر مشتمل یہ ریاست فلسطین محض ایک بے اختیار بلدیہ کی حیثیت رکھتی ہے۔ ایسی ریاست کیسے خود مختار ہوسکتی ہے جسے اپنی سرحدوں پر کنٹرول ہو نہ اپنی درآمدات برآمدات پر، جس کی اپنی بری فوج ہو نہ فضائی اور نہ ہی بحریہ۔ ستم ظریفی دیکھیے کہ اوسلو معاہدے کے تحت فلسطین کی فضائی حدود کا تحفظ بھی اسرائیلی فضائیہ کے سپرد کیا گیا وہی غزہ پر بمباری کر رہی ہے۔

فلسطینی دنیا کی ذہین ترین قوموں میں سے ہیں۔ شرح خواندگی 97 فیصد۔ فنون لطیفہ، موسیقی، فکر تخلیقی ادب سے لگاؤ۔ دنیا کی بہترین یونیورسٹیوں میں پڑھا رہے ہیں۔ اعلیٰ عربی ادب ناول افسانہ نظم میں فلسطینی ہی پیش پیش ہیں۔ یہ انبیا کی سرزمین رہی ہے جہاں اب شیطانوں کا راج ہے۔ فلسطین کا دارالحکومت فلسطینیوں کے نزدیک ہمیشہ یروشلم رہا ہے لیکن اوسلو معاہدے کے تحت عارضی طور پر پانچ سال کیلئے ویسٹ بینک میں رام اللہ شہر / آبادی /43800 حتمی فیصلہ ہونے تک انتظامی صدر مقام بنایا گیا۔ محمود عباس صدر فلسطینی ریاست وہیں بیٹھتے ہیں۔

1948 سے اب تک اسرائیل نے 2 لاکھ سے زیادہ فلسطینیوں کو شہید کیا ہے۔ ہزاروں فلسطینی اسرائیل کے عقوبت خانوں میں تاریخ کا بدترین ٹارچر برداشت کر رہے ہیں۔ ان پر جنسی تشدد بھی کیا جا رہا ہے عالمی عدالتیں اقوام متحدہ کے فیصلے، اپیلیں سب بے نتیجہ رہی ہیں۔ اسرائیلی حکومتیں یکے بعد دیگرے ایک مسلسل منصوبے کے تحت فلسطینیوں کی نسل کشی کرتی آ رہی ہیں کیونکہ انہیں ہمیشہ سپر طاقت امریکہ کی سرپرستی حاصل رہی ہے۔ دولت مند عرب ممالک امریکہ کی خوشنودی میں فلسطینیوں کی حالت زار سے نظریں چراتے رہے ہیں۔ غزہ دو سال سے مسلسل اسرائیلی بربریت کی عملی تجربہ گاہ بنا ہوا ہے۔ 72 ہزار سے زیادہ اہل غزہ مارے گئے ہیں۔ جن میں بچے اور عورتیں سب سے زیادہ ہیں۔ 78 سے 92 فیصد گھر تباہ کیے جا چکے ہیں۔ غزہ میں کل 36 ہسپتال تھے ان میں سے صرف 13 فعال ہیں اور وہ بھی جزوی طور پر بہت سی میڈیکل سہولتوں سے محروم۔ غزہ میں سات سے زیادہ یونیورسٹیاں تھیں ان میں سے 195 بلڈنگیں برباد کر دی گئی ہیں۔ عرب قوم کی ایک ذہین نسل باضابطہ طور پر ختم کی جا رہی ہے۔ آس پاس کے عرب بادشاہ ولی عہد مسلط کردہ حکمران اپنے محلات میں آرام سے یہ مناظر دیکھ رہے ہیں۔

☆☆☆

تین کتابیں، تین مصنف، تین ماہ



ذرا ہٹ کے
☆☆☆
یاسر پیرزادہ
SMS: #YPC (space) message & send to 8001
yasir.pirzada@janggroup.com.pk

میں کتابوں کے معاملے میں خاصا بدلحاظ ہوں۔ اِس جملے میں اگر آپ بھی کا اضافہ کر دیں تو کوئی مضائقہ نہیں، لوگ مجھے بائی ڈیفالٹ بدلحاظ ہی سمجھتے ہیں، یہ اللہ کی دین ہے۔ خدا جھوٹ نہ بلوائے تو ہر ہفتے ڈاک میں ایک آدھ کتاب موصول ہو جاتی ہے، لوگ نہایت محبت سے بھیجتے ہیں اور یہ امید کرتے ہیں کہ میں اِن پر رائے دوں گا۔ خدا یہ حسنِ ظن قائم رکھے، لیکن بدلحاظی آڑے آ جاتی ہے، میں اِن کتابوں کو سونگھتا ہوں اور زیادہ تر کو پرے رکھ دیتا ہوں۔ البتہ آج میں نے تین کتابیں چھانٹی کی ہیں جو میں نے ہاتھ لگاتے ہی پڑھنی شروع کر دیں۔

پہلی کتاب تصویرِ یار ہے۔ یہ آسکر وائلڈ کے مشہور ناول The Picture of Dorian Gray کا اردو ترجمہ ہے جو عارف وقار صاحب نے کیا ہے۔ عارف صاحب نے اِس ناول کے ترجمے کا کام تقریباً ایک سال میں مکمل کیا۔ جو لوگ انگریزی ادب سے شغف رکھتے ہیں، انہوں نے یہ کلاسیکی ناول ضرور پڑھا ہوگا۔ یہ ان ناولوں میں شامل ہے جسے آپ Must Read کی فہرست میں رکھتے ہیں۔ عارف صاحب نے اِس کا اردو ترجمہ اِس انداز میں کیا ہے کہ بندہ اش اش کر اٹھتا ہے۔ عارف وقار اس مکتبِ فکر سے تعلق رکھتے ہیں جو لفظی ترجمے کا قائل نہیں، انکے نزدیک ترجمہ ایسا ہونا چاہیے کہ قاری کو یوں لگے جیسے وہ اصل متن پڑھ رہا ہے۔ ذرا پہلی سطر ملاحظہ کریں: مصور کا اسٹوڈیو پھولوں کی خوشبو سے مہک رہا تھا۔ باہر باغ میں بادِ صبا کا جھونکا پودوں سے اٹکھیلیاں کرتا ہوا اسٹوڈیو کے کھلے دروازے سے اندر داخل ہوتا تو بکائن کی مہک ہر طرف پھیل جاتی جس میں گلاب کی خاردار جھاڑیوں کی سُگندھ بھی شامل ہوتی۔ عارف صاحب نے جس عرق ریزی سے ناول کا ترجمہ کیا ہے اسکی تحسین کرنا کم از کم میرے جیسے عامی کیلئے تو ممکن نہیں، وجاہت مسعود سے کچھ بھاری بھرکم الفاظ مستعار لینے پڑیں گے۔ لیکن چونکہ کشمیر کی آزادی تک ادھار بند ہے سو فی الحال میرا مشورہ عارف صاحب کو یہ ہوگا کہ چیٹ جی پی ٹی کو ایک رقعہ لکھیں، ساتھ اپنی کتاب بھی ارسال کریں اور اسے بتائیں کہ برخوردار اِس ترجمے کو اپنے سینے میں محفوظ کر لو اور آئندہ جو شخص بھی تمہیں لقمہ دے کر کہے کہ فلاں متن کا بامحاورہ اردو ترجمہ کر دو تو مکھی پہ مکھی مارنے کی بجائے اِس طرح ترجمہ کر کے حق بندگی ادا کرنا۔ اگر آپ خود کو ادب کا شناور سمجھتے ہیں تو پہلی فرصت میں پڑھ ڈالیں، مجھے اور عارف صاحب کو دعائیں دیں گے۔

اب ذرا منہ کا ذائقہ بدلتے ہیں۔ دوسری کتاب ہے ہیں کو اکب کچھ۔ اِس کتاب کے نام سے دھوکا نہ کھائیں، یہ نہ رضیہ بٹ کا ناول ہے اور نہ ہی دکھی قسم کے رومانوی افسانوں کا مجموعہ۔ یہ ان کتابوں میں سے ہے جو ہر اس پاکستانی کو پڑھنی چاہئیں جس نے کالج یا یونیورسٹی کی شکل دیکھی ہے، استاد ہو یا طالب علم، سرکاری ملازم ہو یا تاجر، سیاستدان ہو یا فوجی، مزدور ہو یا سرمایہ دار، ڈاکٹر ہو یا انجینئر۔ اِس کتاب میں پاکستان کے معاشی و سماجی مسائل کا نہ صرف احاطہ کیا گیا ہے بلکہ حقائق کی روشنی میں ان مفروضوں کو بھی غلط ثابت کیا گیا ہے جو ہمارے دماغ میں حرف آخر کی طرح راسخ ہو چکے ہیں۔ کتاب کے مصنف کا نام احسن رانا ہے، تعلق اِنکا سول سروس سے تھا مگر افسری اِن کا کچھ نہیں بگاڑ سکی، سو آج کل یہ لمز میں پڑھاتے ہیں۔ کسی زمانے میں دیوانِ حافظ سے فال نکالی جاتی تھی، عاشق اور پریشان حال لوگوں کو حافظ کے کسی نہ کسی شعر میں اپنے مسئلے کا حل نظر آ جاتا تھا۔ آج اگر آپ نے پاکستان کے کسی مسئلے کا حل تلاش کرنا ہو تو اِس کتاب سے فال نکال لیں۔ پاکستان فلاحی مملکت کیوں کر بن سکتا ہے، ٹیکس کیوں نہیں اکٹھا ہوتا، تعلیمی نظام کی خرابیاں اور انہیں دور کرنے کا کیا طریقہ ہے، وفاقی حکومت کی آمدن اور خرچ کتنا ہے، بجلی کی قیمت کیوں زیادہ ہے، وغیرہ۔ مستند اعداد و شمار کو درست انداز میں بروئے کار لا کر انہوں نے پاکستانی سماج اور معیشت کی نہ صرف تصویر کشی کی ہے بلکہ ایک متبادل بیانیہ بھی تشکیل دیا ہے اور بتایا ہے کہ کیسے ہم اِس ملک کی کایا کلپ کر سکتے ہیں۔ آپ ایک مرتبہ یہ کتاب پڑھ لیں، اس کے بعد نہ صرف آپ کے دماغ کی کھڑکیاں کھل جائینگی بلکہ آپ کو یہ علم بھی ہو جائیگا کہ ہم ایک قدم آگے چل کر دو قدم پیچھے کیوں ہو جاتے ہیں۔

تیسری کتاب اظہار الحق کی سمندر، جزیرے اور جدائیاں ہے۔ جس طرح دنیا میں مقابلہ حسن ہوتا ہے، زنانہ و مردانہ، اسی طرح اگر دادوں اور نانوں کی پوتے پوتیوں اور نواسے نواسیوں سے محبت کا کوئی مقابلہ ہوتا تو اظہار صاحب اس میں بلا مقابلہ فاتح ٹھہرتے۔ یہ کتاب اس کا ثبوت ہے۔ اپنی اولاد کے بچوں سے محبت میں انہوں نے اتنے کالم لکھے کہ پوری کتاب بن گئی۔ گو کہ یہ کتاب کی بنیادی خصوصیت ہے مگر اس کا دوسرا پہلو اظہار صاحب کی نثر اور بالواسطہ انداز تحریر ہے۔ مجھے نہیں پتا کہ یہ بات انہیں کسی نے بتائی کہ نہیں، یہ بالکل اسی طرح ہے جیسے ہمارے وقتوں میں باپ اپنے بیٹے کی منہ پر تعریف نہیں کرتا تھا لیکن گھما پھرا کر اپنی بے پایاں محبت کا ثبوت دیتا تھا۔ اظہار صاحب اِس فن کے ماہر ہیں۔ سو اگر آپ اردو نثر پڑھنے کے شوقین ہیں، ادب سے شغف رکھتے ہیں اور کلاسیکی زبان کا لطف بھی یوں لینا چاہتے ہیں کہ طبیعت بوجھل نہ ہو تو اظہار صاحب کو پڑھیں: 2082 میں خدا اسے سلامت رکھے، زہرا ستر سال کی ہوگی۔ دادا کو زیر زمین منتقل ہوئے نصف صدی بیت چکی ہوگی۔ اس کے خوبصورت، نرم، ریشمی بالوں میں نقرئی جھلک آ چکی ہوگی۔ وہ اپنے پوتوں اور نواسیوں کو بتایا کرے گی کہ بچو، تم کیا جانو، میں تو شہزادیوں کی طرح تھی۔ ایک آنسو بحرالکاہل کے کنارے آنکھ سے ٹپکا تھا تو ہزاروں میل دور، ہمالیہ کے جنوبی دامن میں، دادا رات بھر تڑپتا رہا تھا اور چاہتا تھا کہ اڑ کر میرے پاس پہنچ جائے۔ میرے ہاتھ سے کھینچی ہوئی بے معنی لکیریں اس کیلئے صحیفے کی حیثیت رکھتی تھیں۔ یہ ہیں اظہار الحق اور ان کا انداز بیان۔ کوئی کیسے انہیں نہ پڑھے۔

لوگ لکھاریوں سے اکثر پوچھتے ہیں کہ ہمیں کس قسم کی کتابیں پڑھنی چاہئیں، آج فدوی نے فرضِ کفایہ ادا کر دیا ہے۔ ان کتابوں کو تین ماہ میں پڑھ ڈالیں۔ مزہ نہ آیا تو پیسے واپس!

☆☆☆

جنگی گولے، پتھر اور ہیرے

فیضِ عام
سہیل وڑائچ
suhail.warraich@dunya.com.pk

مشرق کے علم فلکیات کو مغرب میں سائنس نہیں، بلکہ توہمات کا مجموعہ جانا جاتا ہے مگر اسکے باوجود مغرب و مشرق دونوں میں ستاروں کے اثرات پر یقین کرنیوالے بہت ہیں۔ علم فلکیات کے پاکستانی ماہرین اکثر پاکستان کی تاریخ پیدائش 14 اگست 1947 کے حوالے سے تجزیہ کرتے ہوئے یہ نتیجہ نکالتے ہیں کہ پاکستان کے ستارے کچھ ایسے ہیں کہ ان میں مدوجزر بہت ہے، نشیب و فراز ہیں، امید اور مایوسی ساتھ ساتھ چلتے ہیں۔ بیشتر ماہرین کے خیال میں جنگیں، فوجی غلبہ اور عدم استحکام انہی پیدائشی ستاروں کے الٹ پھیر کی وجہ سے ہے۔ یہ توہمات ہیں یا حقیقت مگر ایک بات تو ثابت شدہ ہے کہ پاکستان کی تقدیر کیساتھ جنگیں جڑی ہوئی ہیں۔

پاکستان کے قیام سے پہلے بھی سکندر اور پورس کی جنگ، عربوں، ایرانیوں اور افغانیوں کے اس خطے پر لگاتار حملے یہاں کی تاریخ بناتے اور بگاڑتے رہے ہیں۔ سکھوں کی جنگیں بھی عروج وزوال کا سبب بنتی رہی ہیں انگریزوں کی آمد کے بعد پہلی اور دوسری جنگ عظیم میں اس خطے کے لوگوں نے برطانیہ کے حق میں لڑائیاں لڑیں۔ ایک محتاط اندازے کے مطابق پہلی جنگ عظیم میں صرف پنجابیوں کیلگ بھگ 40 ہزار افراد جان سے ہاتھ دھو بیٹھے اور دوسری جنگ عظیم میں یہ تعداد بڑھ کر 50 ہزار تک پہنچ گئی یہی وجہ ہے کہ یونینسٹ وزیر اعظم پنجاب سر سکندر حیات، برطانوی وزیر اعظم ونسٹن چرچل سے قاہرہ میں تقسیم ہندوستان کے مسئلے پر ملے تو چرچل نے مشہور تاریخی فقرہ کہا تھا کہ خون بہا کے طور پر ہندوستان سے الگ ملک حاصل کرنا پنجابیوں کا حق ہے گویا جنگ عظیم نے تقسیم ہندوستان کا فیصلہ کرنے میں اہم ترین کردار ادا کیا۔ پاکستان ابھی بن بھی نہیں پایا تھا کہ 1947 میں مسئلہ کشمیر پر بھارت سے تنازع پیدا ہوگیا 1948 میں ہی پہلی کشمیر جنگ برپا ہوگئی پھر 1965 اور 1971 میں اوپر تلے دو مزید جنگیں ہوئیں، کارگل اور حالیہ پاک بھارت جنگ ملا کر کل پانچ پاک بھارت جنگیں اور دو افغان عالمی جنگیں پاکستان جیسا کمزور معاشی ملک نہ صرف برداشت کر گیا بلکہ نہ قحط پڑا، نہ خوراک اور معیار زندگی میں کوئی نمایاں کمی آئی۔ اگر دائرہ خیال کو مزید بڑھایا جائے تو کوریا اور ویت نام کی جنگ میں بھی ہم کسی نہ کسی طرح بالواسطہ شریک تھے، عرب اور اسرائیل کی جنگوں میں بھی ہمارا کردار رہا، یوکرین کی جنگ میں بھی پاکستانی اسلحہ اور بارود جانے کی خبریں شائع ہوئی ہیں گویا نہ چاہتے ہوئے بھی پاکستان دنیا کی جنگوں میں ایک مستقل کردار رہا ہے۔ امریکہ اسرائیل اور ایران جنگ میں پاکستان فریق نہیں مگر ثالث ضرور ہے گویا علم فلکیات والے درست ہی کہتے ہیں کہ جنگیں ہمارے خطے کی تقدیر کیساتھ جڑی ہوئی ہیں ہم مزاجاً پرامن ہیں مگر جنگیں ہماری راہ میں آتی رہی ہیں۔ ہمارے مخالف بھارتی نژاد امریکی ٹی وی پال نے وار ریپرا سٹیٹ یعنی جنگجو ریاست لکھ کر پاکستان کو آمادہ جنگ ہونے کا طعنہ دیا مگر وہ اس حقیقت کو بھول گئے کہ زیادہ تر جنگیں پاکستان پر مسلط ہوئیں اور پاکستان کو اپنی بقا کی خاطر ان میں کودنا پڑا۔ 75 برسوں میں 7 جنگیں لڑ کر بھی کھڑا رہنا دنیا کی تاریخ میں پاکستان کا کریڈٹ ہے۔

پاکستان کی تقدیر اور جنگوں سے اس کا جڑا ہونا جہاں تعلیم، صحت اور فلاحی ریاست کے بنانے میں رکاوٹ ثابت ہوا وہاں جمہوریت بھی بار بار پٹڑی سے اترتی رہی مگر ایک دوسرے حوالے سے سیٹو اور سیٹو کے جنگی معاہدوں سے ہی پاکستان ایک مضبوط فوج بنانے میں کامیاب ہوا۔ افغانستان اور روس کیخلاف جنگوں میں پاکستان کو جدید ترین اسلحہ اور مالی امداد ملی۔ جنگوں نے جہاں ریاستی نظام کو تلپٹ کیا وہاں صنعت کاری، ڈیمز کی تعمیر، ترقیاتی کاموں اور عوامی خوشحالی میں بیرونی امداد کا بہت بڑا کردار رہا، اس بیرونی امداد کی وجہ بہرحال پاکستان کی طاقتور فوج اور جنگوں میں اسکی مہارت رہی۔ ماضی کی اس کہانی کے بعد امریکہ ایران جنگ کے پاکستان پر اثرات کا تجزیہ کریں تو اس جنگ کے بعد امکانات کے نئے راستے کھل سکتے ہیں۔ جنگ بندی سے پاکستان کو دنیا بھر میں وقار ملا ہے اور دوسری طرف پاکستان کی مشرق وسطیٰ میں اہم ترین فریق کے طور پر انٹری ہوئی ہے۔ سعودی عرب کے ساتھ پاکستان کا دفاعی معاہدہ اور پاکستانی فوج کی مشرق وسطیٰ میں تعیناتی پاکستان کی دفاعی اور معاشی صلاحیت کیلئے ایک نئے انجکشن کی صورت بن سکتی ہے۔ پاکستان کے حکمت کاروں نے ملک کے 50 قیمتی سال افغانستان کے پتھروں میں اسٹریٹجک گہرائی تلاش کرنے میں ضائع کر دیئے، انسانی جانوں کے ضیاع، وقت کی بربادی اور اپنے بہترین سرمائے کے خرچ کے باوجود افغانستان نے ہماری مغربی سرحد کو کبھی پرسکون نہیں رہنے دیا، افغانستان کے پتھر دل طالبان اور پتھروں سے بھری سنگلاخ زمین سے آئندہ بھی کسی بہتری کی امید نہیں کہ ان کی خانہ جنگیاں 10 صدیوں سے جاری ہیں اور آئندہ صدی میں بھی ان کے تھمنے کا دور دور تک کوئی امکان نہیں۔ افغانستان اگر پتھروں کی زمین ہے تو مڈل ایسٹ میں ہیرے بھرے پڑے ہیں۔ پیٹرو ڈالر اور امکانات کی ایک وسیع دنیا ہے جو مسلم دنیا کی واحد ایٹمی طاقت پاکستان کی پرامن پالیسی کی متلاشی ہے۔ متحدہ عرب امارات کی بھارت سے دوستی اور دفاعی معاہدہ پاکستان کیلئے پریشان کن ضرور ہے مگر یہ معاہدہ چلتا نظر نہیں آتا، اسرائیل اور بھارت سے دوستی چلانا متحدہ عرب امارات کیلئے مشکل ہوگا۔

سچ تو یہ ہے کہ آج کی دنیا جنگوں کی متحمل نہیں ہوسکتی انسانوں، تہذیبوں اور ملکوں کو امن اور مل جل کر رہنے کے باعزت راستے تلاش کرنا ہونگے۔ پاکستان تاریخی طور پر ایک تجارتی راہداری رہا ہے، صدیوں سے افغانستان کے راستے سنٹرل ایشیا اور چین تک اس خطے کے تجارتی روابط تھے، مغلیہ دور تک تو افغانستان ہندوستان ہی کا ایک حصہ رہا انگریزوں کی آمد سے افغانستان ایک الگ ملک بنا، اسی طرح جب انگریز گئے تو ایک ہندوستان کے 12 ممالک بنا کر گئے۔ اسکالش نژاد سام ڈارکمپل نے اپنی کتاب Shattered lands میں ثابت کیا ہے کہ ہند

بقیہ 1

ہیں، جس کے نتیجے میں 868ارب روپے کی کمی سامنے آئی ہے۔اس کی کمی کو وبڑی وجوہات ہیں۔ پہلی، خلیجی جنگ کے باعث معاشی سرگرمیوں میں سست روی، اور دوسری، عید کی طویل تعطیلات جنہوں نے محصولات کی کمی میں مزید اضافہ کیا۔ مئی 2026 میں محصولات کا خسارہ بڑھ کر 184 ارب روپے تک جا پہنچا، مئی 2026 میں ایف بی آر کی عارضی وصولیاں 966ارب روپے رہیں، جبکہ مقررہ ہدف 1,150ارب روپے تھا۔ایف بی آر حکام کو امید ہے کہ حتمی اعداد و شمار مرتب ہونے تک چند ارب روپے مزید وصول ہو سکتے ہیں۔ایف بی آر کو ایک بہت بڑے چیلنج کا سامنا ہے، کیونکہ نظرِ ثانی شدہ سالانہ ہدف 13,979 ارب روپے حاصل کرنے کے لیے جون 2026 میں 2,752ارب روپے جمع کرنا ہوں گے۔ پارلیمنٹ نے گزشتہ بجٹ کے وقت ایف بی آر کے لیے 14,130ارب روپے کا ہدف منظور کیا تھا، تاہم بعد ازاں آئی ایم ایف نے اسے کم کر کے 13,979ارب روپے کر دیا، اب ایف بی آر تقریباً 10 کھرب (1ٹریلین) روپے کی کمی کی طرف بڑھ رہا ہے۔ایف بی آر کے اعلیٰ حکام کو امید ہے کہ جون 2026 کے اختتام تک محصولات کی وصولیاں 130 کھرب روپے کے قریب پہنچ سکتی ہیں، اگر ادارہ جون کے اختتام تک 13,000 ارب روپے کی وصولیوں کا ہدف حاصل کر لیتا ہے تو اسے ایک کامیابی تصور کیا جائے گا۔

بقیہ 2

اضافے سے سولر پینلز، الیکٹرک کاریں مہنگی ہونے کا امکان ہے۔ذرائع کے مطابق آئندہ مالی سال کے 15ہزار ارب روپے سے زائد ٹیکس ریونیو ہدف کے حصول اور رواں مالی سال کے ٹیکس شارٹ فال کو پورا کرنے کیلئے آئی ایم ایف نے جی ایس ٹی کی موجودہ شرح کو 18فیصد سے بڑھا کر 19فیصد کرنے کی تجویز دی ہیاس پر عملدرآمد کی صورت میں ملک میں مہنگائی میں مزید اضافہ ہوگا جب کہ الیکٹرک گاڑیوں اور سولر پینلز پر ٹیکس عائد کرنے کرنے کی تجویز بھی زیرِغور ہے۔ذرائع کے مطابق آئندہ مالی سال کے بجٹ کی تیاریوں میں حکومت مختلف تجاویز پر کام کر رہی ہے، آئی ایم ایف کی تجویز پر الیکٹرک وہیکلز اور باہر گاڑیوں پر جنرل سیلز ٹیکس میں بھاری اضافے کی تجاویز زیرِغور ہیں، جس سے ان گاڑیوں کی قیمتیں بڑھ سکتی ہیں ۔ذرائع کے مطابق نئے بجٹ میں باہر گاڑیوں پر موجودہ سیلز ٹیکس کی شرح 8فیصد کو بڑھا کر 18فیصد کرنے اور الیکٹرک گاڑیوں پر ٹیکس کی شرح 1فیصد سے بڑھا کر 18فیصد کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔اسی طرح سولر پینلز پر جی ایس ٹی کی شرح 10 فیصد سے بڑھا کر 18فیصد کرنے کا امکان ہے۔ان کا کہنا تھا کہ اگر فلسطینی ریاست کا مسئلہ حل ہو جاتا ہے تو خطے کے ممالک اسرائیل کی سلامتی اور سیکیورٹی کے حوالے سے بھی مثبت کردار ادا کر سکتے ہیں۔حکان فیدان نے تجویز دی کہ اس ممکنہ علاقائی پلیٹ فارم میں پاکستانی، ترکیہ، سعودی عربیہ، مصر اور خلیجی ممالک شامل ہو سکتے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ اگر حالات معمول پر آ جائیں تو ایران بھی اس علاقائی فریم ورک کا حصہ بن سکتا ہے۔ترک وزیر خارجہ کے مطابق خطے کے تمام ممالک کو ایک دوسرے کی خودمختاری، علاقائی سالمیت اور قومی سلامتی کا احترام کرنے کے اصول پر متفق ہونا چاہیے تاکہ دیرپا امن قائم کیا جا سکے۔یہ بیان ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب امریکی صدر ٹرمپ نے حال ہی میں مشرق وسطیٰ میں تعلقات معمول پر لانے کے لیے ابراہام اکارڈ کو مزید وسعت دینے کی حمایت کی تھی۔دوسری جانب غزہ میں جاری جنگ کے باعث انسانی بحران بدستور سنگین ہے۔فلسطینی وزارت صحت کے مطابق اکتوبر 2023 سے جاری اسرائیلی کارروائیوں میں ہلاکتوں کی تعداد تقریباً 73ہزار تک پہنچ چکی ہے جبکہ لاکھوں افراد بے گھر ہو چکے ہیں۔متعدد صحافی بھی اس تنازع میں جان سے ہاتھ دھو بیٹھے ہیں۔

بقیہ 7

کو تمباکو نوشی سے محفوظ رکھنے کے لئے تمام ممکنہ اقدامات پر یقین رکھتے ہیں، تمباکو نوشی کے مضرِاثرات کے بارے میں آگاہی صرف حکومتی نہیں بلکہ مشترکہ سماجی ذمہ داری ہے،تمباکو نوشی سے ملک میں اڑھائی لاکھ سے زیادہ اموات کے اعداد و شمار تشویشناک اور تکلیف دے ہیں۔انہوں نے کہ ہے کہ نوجوانوں میں ہارٹ ٹیک کی بڑی وجہ تمباکو نوشی اور ویپ کا استعمال ہوسکتا ہے،اپنے پیاروں کو صحت مند اور سگریٹ کے دھوئیں سے پاک ماحول فراہم کرنا ہم سب کا فرض ہے۔وزیراعلیٰ مریم نواز نے عوام سے اپیل کی ہے کہ آج ہی سے تمباکو نوشی چھوڑ کر صحت مند طرزِ زندگی اپنانے کا عہد کیجیے۔

بقیہ 6

رپورٹس کے مطابق ترک وزیر خارجہ نے ایک انٹرویو میں کہا کہ مشرق وسطیٰ میں پائیدار امن اور استحکام کے لیے فلسطین کے مسئلے کا حل ناگزیر ہے۔ان کا کہنا تھا کہ اگر فلسطینی ریاست کا مسئلہ حل ہو جاتا ہے تو خطے کے ممالک اسرائیل کی سلامتی اور سیکیورٹی کے حوالے سے بھی مثبت کردار ادا کر سکتے ہیں۔حکان فیدان نے تجویز دی کہ اس ممکنہ علاقائی پلیٹ فارم میں پاکستانی، ترکیہ، سعودی عربیہ، مصر اور خلیجی ممالک شامل ہو سکتے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ اگر حالات معمول پر آ جائیں تو ایران بھی اس علاقائی فریم ورک کا حصہ بن سکتا ہے۔ترک وزیر خارجہ کے مطابق خطے کے تمام ممالک کو ایک دوسرے کی خودمختاری، علاقائی سالمیت اور قومی سلامتی کا احترام کرنے کے اصول پر متفق ہونا چاہیے تاکہ دیرپا امن قائم کیا جا سکے۔یہ بیان ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب امریکی صدر ٹرمپ نے حال ہی میں مشرق وسطیٰ میں تعلقات معمول پر لانے کے لیے ابراہام اکارڈ کو مزید وسعت دینے کی حمایت کی تھی۔دوسری جانب غزہ میں جاری جنگ کے باعث انسانی بحران بدستور سنگین ہے۔فلسطینی وزارت صحت کے مطابق اکتوبر 2023 سے جاری اسرائیلی کارروائیوں میں ہلاکتوں کی تعداد تقریباً 73ہزار تک پہنچ چکی ہے جبکہ لاکھوں افراد بے گھر ہو چکے ہیں۔متعدد صحافی بھی اس تنازع میں جان سے ہاتھ دھو بیٹھے ہیں۔

بقیہ 3

ساتھ صرف تنخواہ دار طبقے پر ریلیف کیلئے ایف بی آر کے ورچوئل مذاکرات جاری ہیں۔بتایا گیا ہے کہ آئندہ مالی سال 27-2026 کے وفاقی بجٹ میں 220ارب روپے کے نئے ٹیکسز لگائے جائیں گے، آئندہ مالی سال کیلئے نئے بجٹ میں تنخواہ دار طبقے کیلئے ٹیکس سلیبز میں ردوبدل کی جائے گی۔ذرائع ایف بی آر کے مطابق آئندہ وفاقی بجٹ میں تنخواہ دار طبقے کیلئے آخری سلیب کا تھریش ہولڈ بھی بڑھایا جائے گا، بجٹ میں تاجروں کیلئے فکسڈ ٹیکس سکیم، باہر ڈر اور الیکٹریکل وہیکل پر سیلز ٹیکس بڑھانے کے اقدامات فائنل ہو چکے ہیں۔حکام کا کہنا ہے کہ ایف بی آر ٹارگٹ حاصل کرنے کیلئے بجٹ میں اضافی ٹیکس اکٹھا کرنے کے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

بقیہ 4

پیش رفت قرار دیا۔امریکی نیوز چینل کو انٹرویو دیتے ہوئے ٹرمپ نے کہا کہ وہ تنازع کے بجائے معاہدے کو ترجیح دیتے ہیں، کیونکہ کسی بھی سمجھوتے کے بعد آبنائے ہرمز کو فوری طور پر کھولا جا سکتا ہے۔ان کا کہنا تھا کہ امریکہ کے لیے سب سے اہم شرط یہ ہے کہ ایران کے پاس جوہری ہتھیار نہ ہوں۔ٹرمپ کے مطابق ابتدائی طور پر ایرانی مقف صرف جوہری ہتھیار نہ بنانے تک محدود تھا تاہم امریکی اعتراض کے بعد اس میں یہ شق بھی شامل کی گئی کہ ایران کسی بھی شکل میں جوہری نوعیت کا عسکری ہتھیار خریدنے یا حاصل کرنے کی کوشش نہیں کرے گا۔

بقیہ 5

نوشی پر صدر آصف علی زرداری نے کہا کہ نوجوانوں کو نشے کی لت لگانے والوں اور موت کے سوداگروں کا مؤثر طریقے سے مقابلہ کرنے کیلئے قانون سازی اور موثر نفاذ ضروری ہے، تمباکو کے صحت کے لیے نقصانات کی طرف پہلی بار توجہ مبذول کرانے والی ابتدائی تحریروں کو اب لگ بھگ چار سو سال گزر چکے ہیں۔صدر مملکت نے کہا کہ کئی دہائیوں سے سائنسی اور طبی برادری میں اس بات پر پختہ اتفاق رائے پایا جاتا ہے کہ تمباکو کی مصنوعات صحت اور معیشت کے لیے سنگین خطرات کا باعث ہیں، دنیا بھر میں یکے بعد دیگرے آنے والی حکومتوں نے سول سوسائٹی کے ساتھ مل کر تمباکو کے استعمال کو کم کرنے کے لیے قوانین اور آگاہی کے ذریعے متعدد اقدامات کیے ہیں، اس کے باوجود، یہ پاکستان سمیت دنیا بھر میں عوامی صحت اور معاشی فلاح و بہبود کے لیے ایک سنگین خطرہ بنا ہوا ہے۔انہوں نے کہا کہ عالمی ادارہ صحت کے تخمینے کے مطابق تمباکو دنیا بھر میں ہر سال 70لاکھ سے زائد اموات کا سبب بنتا ہے، جس میں سیکنڈ ہینڈ اسموک کا شکار ہونے والے تقریباً 16لاکھ افراد کی اموات بھی شامل ہیں، یہ اعداد و شمار ہمیں عوامی صحت کے اس بڑے چیلنج کی سنگینی پر غور کرنے پر مجبور کرتے ہیں جو لاکھوں لوگوں اور خاندانوں کو مسلسل متاثر کر رہا ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ بچے اور نوجوان اس کا خاص طور پر شکار ہو رہے ہیں، تمباکو اور نکوٹین کی صنعت نئی نسلوں کو ایسی بدلتی ہوئی مصنوعات اور مارکیٹنگ کے طریقوں کے ذریعے نشانہ بنا رہی ہے جو لت لگانے اور اسے برقرار رکھنے کے لیے ڈیزائن کیے گئے ہیں، کم عمری میں نکوٹین کا استعمال عمر بھر کی وابستگی اور صحت کے منفی نتائج کے خطرے کو بڑھا دیتا ہے۔صدر مملکت نے کہا کہ جدید ترین تحقیق ظاہر کرتی ہے کہ عالمی سطح پر اور پاکستان میں سگریٹ، ای سگریٹ، ویپنگ ڈیوائسز، نکوٹین پاچز اور دیگر نکوٹین مصنوعات کا استعمال عوامی صحت کے بڑھتے ہوئے خدشات کا باعث بن رہا ہے، اس بات کے بھی شواہد موجود ہیں کہ نوجوانوں میں کثیر متبادل منشیات کے استعمال کا رجحان بڑھ رہا ہے، جہاں تمباکو اور نکوٹین کی مصنوعات دیگر نقصان دہ اشیا کے ساتھ استعمال کی جا رہی ہیں، جو نوجوانوں اور معاشرے کے لیے شدید خطرات پیدا کر رہی ہیں۔ انہوں نے زور دیا کہ نوجوانوں کو بچانے کے لیے مضبوط آگاہی مہمات، قوانین اور روک تھام کی کوششیں ناگزیر ہیں۔کم عمری میں نکوٹین کا استعمال عمر بھر کی محتاجی، صحت کے منفی نتائج اور مستقبل کے محدود مواقع کے خطرے کو بڑھاتا ہے، ہر طرف پھیلے ہوئے سیکنڈ ہینڈ سموک کے باعث بچے دمہ، نمونیا، کان کے انفیکشن، پیدائشی کم وزن اور اچانک موت جیسے خطرات کا زیادہ شکار ہو رہے ہیں، اس کا اثر صرف صحت تک محدود نہیں ہے، بلکہ یہ خاندانوں اور نظام صحت پر بھی ایک بھاری بوجھ ڈالتا ہے۔

بقیہ 8

امریکی وزیر جنگ نے سنگاپور میں بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ اس کا انحصار اس بات پر ہے کہ ایران کس چیز کا انتخاب کرتا ہے، ڈیل ہوئی تو آبنائے ہرمز ایک ٹول فری راستہ ہوگا جسے ساری دنیا استعمال کر سکے گی۔انہوں نے کہا کہ فی الوقت امریکا اس بات کے لیے تیار ہے کہ اگر جنگی کارروائی دوبارہ کرنی پڑے تو کرے گا لیکن مجھے اعتماد ہے کہ امریکا ایک ایسی ڈیل حاصل کرنے میں کامیاب ہو جائے گا جو امریکی عوام کے مفاد میں ہوگی۔امریکی وزیر جنگ نے کہا کہ ایران یہ کہنا چاہتا ہے کہ آبنائے ہرمز اس کے کنٹرول میں ہے لیکن پس منظر میں جو کچھ ہو رہا ہے اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ آبنائے ہرمز کا کنٹرول امریکا کے پاس ہے۔دوسری جانب امریکی سینٹ کام نے کہا کہ امریکی فوج نے گیمبیا کے پرچم بردار بحری جہاز کو ایران جانے سے روک کر ناکارہ بنا دیا، سینٹ کام کے مطابق امریکا نے خلیج عمان میں ناکابندی پر عمل نہ کرنے والے بحری جہازوں کو نقصان پہنچایا۔

بقیہ 9

کاسٹیلری کے 1242، پنجاب ہائی وے پٹرول کے 1958اہلکار گلگت بلتستان بھیجے جائیں گے۔ لاہور پولیس کے 300اہلکار بھی سکیورٹی ڈیوٹی کے لیے بھجوائے جائیں گے،اس حوالے سے اے آئی جی آپریشنز نے ایس ایس پی ایم ٹی کو مراسلہ جاری کر دیا جس میں کہا گیا ہے کہ اہلکاروں کو بھجوانے کے لئے مناسب ٹرانسپورٹ کا بندوبست کیا جائے، ٹرانسپورٹ اور عملے کی تفصیلات بھی سی پی او کو بھجوانے کا حکم دیا گیا ہے۔

بقیہ 10

مقابلہ کرنے کے لیے پوری طرح تیار ہے اور ملک کے دفاع کے لیے مضبوطی سے کھڑی ہے۔ریئر ایڈمرل حبیب اللہ سیاری کا کہنا تھا کہ ایرانی مسلح افواج قومی سلامتی اور خودمختاری کے تحفظ کے لیے ہر ممکن اقدام اٹھانے کی صلاحیت رکھتی ہیں اور کسی بھی خطرے کا بھرپور جواب دیا جائے گا۔ان کا مزید کہنا تھا کہ ایران کی دفاعی قوت اور عسکری تیاری دشمنوں کے لیے واضح پیغام ہے کہ ملک کے خلاف کسی بھی مہم جوئی کے سنگین نتائج برآمد ہوں گے۔ایرانی فوجی عہدیدار کا یہ بیان ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب خطے میں کشیدگی اور سکیورٹی خدشات بدستور برقرار ہیں اور ایران مسلسل اپنے دفاعی عزم کا اظہار کر رہا ہے۔

بقیہ 11

1122 کی ٹیم ایمبولینس کے ہمراہ موقع پر پہنچ گئی۔ریسکیو اہلکاروں نے خاتون کی جان بچانے کے لیے فوری طور پر سی پی آر اور دیگر طبی اقدامات کیے، تاہم وہ موقع پر ہی دم توڑ چکی تھیں۔بعدازاں قانونی کارروائی کے لیے نعش کو راولپنڈی ٹیچنگ ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ریسکیو ذرائع کے مطابق جاں بحق خاتون کی شناخت حافظہ بی بی کے نام سے ہوئی ہے جن کی عمر 43 سال تھی۔اچانک پیش آنے والے اس المناک حادثے پر اہل خانہ غم سے نڈھال ہو گئے جبکہ واقعے نے علاقے میں بھی افسوس کی لہر دوڑا دی

بقیہ 12

کے مطابق متاثرہ خاتون صائمہ کی درخواست پر مقدمہ درج کیا گیا تھا، جس میں گھر سے قیمتی سامان اور نقدی چوری ہونے کی شکایت کی گئی تھی۔واقعے کا نوٹس لیتے ہوئے ڈی آئی جی آپریشنز نے ایس پی کینٹ کو ملزمان کی فوری گرفتاری کا ٹاسک سونپا۔ایس پی کینٹ کی ہدایت پر ملزمان کی گرفتاری کے لیے خصوصی ٹیم تشکیل دی گئی۔ ایس ایچ او ڈیفنس سی فریاد اشرف نے پولیس ٹیم کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے گھریلو ملازم اعجاز، منورہ اور حمزہ کو گرفتار کر لیا۔پولیس حکام کے مطابق گرفتار ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے اور چوری شدہ مال کی برآمدگی کے لیے بھی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ایس پی کینٹ نے کامیاب کارروائی پر ایس ایچ او ڈیفنس سی فریاد اشرف اور پولیس ٹیم کو شاباش دیتے ہوئے ان کی پیشہ وارانہ کارکردگی کو سراہا۔ان کا کہنا تھا کہ شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ 13

عناصر کے خلاف مؤثر کارروائیوں کے دوران متعدد ملزمان کو گرفتار کیا گیا ہے۔ایس پی ڈیفنس بلال احمد کے مطابق ڈیفنس سکواڈ نے دو خطرناک ڈکیت گینگز کو گرفتار کیا، جبکہ دورانِ پٹرولنگ 8اشتہاری ملزمان ، 98عادی مجرمان اور 3عدالتی مفروروں کو بھی حراست میں لیا گیا۔

بقیہ 14

کے دوران حفظانِ صحت کے اصولوں کی خلاف ورزی، ناقص صفائی ستھرائی اور غیر معیاری انتظامات پائے جانے پر 11فوڈ پوائنٹس کے خلاف کارروائی عمل میں لائی گئی اور مجموعی طور پر 2لاکھ 25ہزار روپے کے جرمانے عائد کیے گئے۔مزید کارروائی کرتے ہوئے بھاری مقدار میں ایکسپائرڈ کولڈ ڈرنکس برآمد کر کے تلف کر دی گئیں تاکہ عوامی صحت کو لاحق ممکنہ خطرات کا سدباب کیا جا سکے۔ ترجمان پنجاب فوڈ اتھارٹی کا کہنا تھا کہ مری سمیت تمام سیاحتی مقامات پر آنے والے شہریوں اور سیاحوں کو معیاری خوراک کی فراہمی ادارے کی اولین ترجیح ہے۔فوڈ سیفٹی ٹیمیں مسلسل فیلڈ میں موجود ہیں اور خوراک کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ فوڈ بزنس آپریٹرز کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ صفائی اور خوراک کی تیاری و فروخت سے متعلق تمام مقررہ قوانین پر سختی سے عمل درآمد یقینی بنائیں، بصورت دیگر مزید سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ترجمان نے سیاحوں اور شہریوں سے اپیل کی کہ اگر انہیں کسی بھی فوڈ پوائنٹ پر غیر معیاری یا مضر صحت خوراک کی فروخت کے حوالے سے شکایت ہو تو فوری طور پر پنجاب فوڈ اتھارٹی کی ہیلپ لائن 1223 پر رابطہ کریں تاکہ بروقت کارروائی کی جا سکے۔

بقیہ 15

عناصر کے خلاف مؤثر کارروائیوں کے دوران متعدد ملزمان کو گرفتار کیا گیا ہے۔ایس پی ڈیفنس بلال احمد کے مطابق ڈیفنس سکواڈ نے دو خطرناک ڈکیت گینگز کو گرفتار کیا، جبکہ دورانِ پٹرولنگ 8اشتہاری ملزمان، 98عادی مجرمان اور 3عدالتی مفروروں کو بھی حراست میں لیا گیا۔گرفتار ملزمان کے قبضے سے 3پستول، گولیاں اور میگزینز برآمد کیے گئے۔ منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیوں میں 32 بوتلیں شراب، چرس اور آئس بھی برآمد کی گئی۔رپورٹ کے مطابق 12مشکوک گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کو تھانوں میں بند کیا گیا، جبکہ مختلف خلاف ورزیوں پر 122افراد کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی گئی۔ایس پی ڈیفنس کا کہنا ہے کہ ون ویلنگ اور پتنگ بازی کے خلاف جاری مہم کے دوران 11ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔انہوں نے مزید بتایا کہ کمیونٹی پولیسنگ کے تحت مختلف نوعیت کے واقعات میں 87سے زائد شہریوں کو بروقت ریسکیو اور مدد فراہم کی گئی، جبکہ جرائم کے خاتمے اور شہریوں کے تحفظ کے لیے کارروائیاں آئندہ بھی جاری رہیں گی۔

بقیہ 16

کے دوران حفظانِ صحت کے اصولوں کی خلاف ورزی، ناقص صفائی ستھرائی اور غیر معیاری انتظامات پائے جانے پر 11فوڈ پوائنٹس کے خلاف کارروائی عمل میں لائی گئی اور مجموعی طور پر 2لاکھ 25ہزار روپے کے جرمانے عائد کیے گئے۔مزید کارروائی کرتے ہوئے بھاری مقدار میں ایکسپائرڈ کولڈ ڈرنکس برآمد کر کے تلف کر دی گئیں تاکہ عوامی صحت کو لاحق ممکنہ خطرات کا سدباب کیا جا سکے۔ ترجمان پنجاب فوڈ اتھارٹی کا کہنا تھا کہ مری سمیت تمام سیاحتی مقامات پر آنے والے شہریوں اور سیاحوں کو معیاری خوراک کی فراہمی ادارے کی اولین ترجیح ہے۔فوڈ سیفٹی ٹیمیں مسلسل فیلڈ میں موجود ہیں اور خوراک کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ فوڈ بزنس آپریٹرز کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ صفائی اور خوراک کی تیاری و فروخت سے متعلق تمام مقررہ قوانین پر سختی سے عمل درآمد یقینی بنائیں، بصورت دیگر مزید سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ترجمان نے سیاحوں اور شہریوں سے اپیل کی کہ اگر انہیں کسی بھی فوڈ پوائنٹ پر غیر معیاری یا مضر صحت خوراک کی فروخت کے حوالے سے شکایت ہو تو فوری طور پر پنجاب فوڈ اتھارٹی کی ہیلپ لائن 1223 پر رابطہ کریں تاکہ بروقت کارروائی کی جا سکے۔

بقیہ 17

میں ہی وفاقی کابینہ میں پیش کر دی جائے گی جس میں پہلے آ، پہلے پاؤ کی پالیسی برقرار رہے گی، اگلے دو ماہ میں نئے حج کی بکنگ مکمل ہونے کا امکان ہے، 2027 حج کے خواہشمند عازمین اپنے پاسپورٹ فوری تیار کروالیں۔حج ایک مشترکہ ذمہ داری ہوتی ہے جس پر سیاست یا پوائنٹ سکورنگ نہیں ہونی چاہیے

بقیہ 18

نظام میں استحکام پیدا ہوا ہے، ذرائع کا کہنا ہے کہ لیسکو کے سسٹم کو 1100میگاواٹ بجلی کے ساتھ آپریشنل کیا گیا، جبکہ ضرورت کے مطابق فراہمی میں اضافہ بھی کیا گیا۔بجلی کی طلب میں کمی کی بڑی وجہ نسبتاً بہتر موسم اور عید کی تعطیلات کے دوران صنعتی وتجارتی سرگرمیوں میں کمی بتائی جا رہی ہے۔دوسری جانب لیسکو نے ہائی لاسز والے فیڈرز پر لوڈ شیڈنگ کا شیڈول بدستور نافذ کر رکھا ہے، جس کے تحت بعض علاقوں میں مقررہ اوقات کے مطابق بجلی کی بندش جاری ہے، شہر کے مختلف علاقوں میں تعیراتی اور ترقیاتی منصوبوں کے باعث بھی بجلی کی عارضی بندش کی جا رہی ہے تاکہ مرمتی اور اپ گریڈیشن کے کام بروقت مکمل کیے جا سکیں۔توانائی ماہرین کے مطابق موسم میں مزید بہتری برقرار رہنے کی صورت میں آنے والے دنوں میں بھی بجلی کی طلب نسبتاً کم رہنے کا امکان ہے، جس سے بجلی کے نظام پر دباؤ مزید کم ہوسکتا ہے۔

بقیہ 19

پیداوار میں بہتری آئی۔جی پی آئی کی معاونت سے بنجر زمینوں کی بحالی، زرعی سرمایہ کاری اور برآمدی مواقع میں نمایاں اضافہ ہوا۔کسانوں نے جی پی آئی کے اقدامات کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ گرین ایگری مالز کے ذریعے دوائیں، کھاد اور مشینری گرین ایگری مالز کے ذریعے مناسب قیمتوں پر بروقت فراہم کی جا رہی ہیں۔مقامی کسان کا کہنا تھا کہ جی پی آئی کے انقلابی اقدامات زرعی ترقی، کسانوں کی فلاح اور دیہی معیشت کے استحکام کو نئی تقویت دے رہے ہیں۔پیٹیئر اکمپنی کی آمد سے بنجر علاقہ میں ہریالی، بہتر سہولیات اور روزگار کے نئے مواقع فراہم ہوئے، دور افتادہ اور کٹھن راستوں تک رسائی کو ممکن بنایا گیا۔انکا کہنا تھا کہ جی پی آئی کے اقدامات سے ہمارے کام میں بہت زیادہ بہتری آئے گی اور حکومتِ وقت سے گزارش ہے کہ یہ پروجیکٹس آگے بھی جاری رکھے جائیں، پنجگور میں زمین بہت زرخیز ہے اور اس اقدام سے زمینداروں کو بہت فائدہ ہوگا۔مقامی کسان نے کہا کہ پسماندہ علاقے کے غریب کاشتکاروں کے لیے سرکاری تعاون سے زمینیں اور شمسی وسائل فائدہ مند ثابت ہوں گے، جی پی آئی نے جدید زراعت متعارف کروائی اور ایگری مالز کے قیام کے ذریعے بیج، کھاد اور زرعی ادویات ایک ہی جگہ دستیاب ہیں۔

بقیہ 20

سفر سے گریز کریں۔ضلعی انتظامیہ نے میڈیا پلیٹ فارمز پر ایک خصوصی ٹریول ایڈوائزری میں کہا ہے کہ علاقے میں جاری برف باری سے مسافروں کے لیے شدید مشکلات پیدا ہونے کا خدشہ ہے۔ سیاحوں کو ہدایت کی گئی ہے کہ پہاڑی درے کی طرف کسی بھی نقل و حرکت کی منصوبہ بندی کرنے سے پہلے موسم کی تازہ صورتحال کی تصدیق کریں۔ ایڈوائزری کے مطابق بابوسر ٹاپ روٹ اور ملحقہ علاقوں پر مسلسل برف باری کی وجہ سے ٹریفک میں نمایاں طور پر خلل پڑا ہے جبکہ سڑک کے بعض حصوں کو فی الحال صرف یک طرفہ ٹریفک کیلئے محدود رکھا گیا ہے۔حکام نے خبردار کیا کہ برفباری میں شدت اور حدنگاہ میں کمی کی وجہ سے شام 6 بجے کے بعد سفر انتہائی خطرناک ہو جاتا ہے۔انہوں نے کہا کہ برفیلی سڑکیں، بریک فیل ہونا، گلیشیئرز کی حرکات، چٹانوں کا گرنا اور ممکنہ لینڈ سلائیڈز اجتماعی طور پر جان اور املاک کیلئے شدید خطرات کا سبب بن سکتے ہیں۔انتظامیہ نے سیاحوں، ٹرانسپورٹ آپریٹرز اور عوام سے اپیل کی کہ آئندہ نوٹس تک غیر ضروری سفر سے گریز کریں اور مقامی حکام اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی طرف سے جاری کردہ ہدایات پر سختی سے عمل کریں۔

بقیہ 21

کر فوری طور پر طبی امداد کے لیے ہسپتال منتقل کر دیا۔ملزم کے قبضے سے چھینا گیا موٹر سائیکل، اسلحہ اور دیگر سامان بھی برآمد کر لیا گیا ہے۔گرفتار ملزم مہران امجد مختلف مقدمات میں پولیس کو مطلوب تھا اور اس کا سابقہ مجرمانہ ریکارڈ بھی موجود ہے۔

بقیہ 22

فرمائیں۔انہوں نے مزید لکھا کہ ملازمین نے ٹرانسفارمر مرمت کر دیا، 80ہزار روپے لیے، گاؤں والوں نے چندہ جمع کر کے لیسکو کے ملازمین کو 80ہزار روپے ادا کیے مگر رسید کسی نے نہیں دی، باقی آپ اندازہ لگا سکتے ہیں۔خواجہ آصف نے یہ بھی لکھا کہ یہ حال ہے کہ بجلی کا ایک سابق وزیر سفارشی ہو اور وہ موجودہ کابینہ کا رکن بھی ہو، اس کی سفارش پر بھی واردات سے گریز نہیں کیا جاتا، عام صارف کا کیا حال ہوگا، رقم کی باقاعدہ ادائیگی ہوئی ہے، لیسکو رسید سے انکاری ہے۔

بقیہ 23

یاسین، نائب صدور شہباز قادر، عامر حنیف اور رانا منظور حسین سمیت دیگر عہدیداران نے کہا کہ ہر سال ٹیکس اہداف میں اضافہ تو کر دیا جاتا ہے مگر نئے ٹیکس دہندگان کی شمولیت کی رفتار انتہائی سست ہے جس کا خمیازہ محدود اور پہلے سے ٹیکس ادا کرنے والے طبقے کو بھگتنا پڑتا ہے۔ایسوی ایشن نے مطالبہ کیا کہ سپر ٹیکس پر نظرثانی کی جائے، تنخواہ دار طبقے کو ریلیف دیا جائے اور کاروباری سرگرمیوں کے فروغ کے لیے ٹیکس نظام کو آسان اور شفاف بنایا جائے۔ایسوی ایشن نے نشاندہی کی کہ پاکستان کی ٹیکس ٹو جی ڈی پی شرح خطے کے کئی ممالک کے مقابلے میں کم ہے جبکہ غیر دستاویزی معیشت، طویل ٹیکس مقدمات اور بعض شعبوں کی ناکافی ٹیکس شمولیت محصولات میں اضافے کی راہ میں بڑی رکاوٹ ہیں۔انہوں نے حکومت پر زور دیا کہ زیر التواء ٹیکس مقدمات کے فوری حل، غیر ضروری آڈٹس اور نوٹسز کے خاتمے اور معیشت کی دستاویز کاری کیلیے مراعاتی اقدامات کیے جائیں۔ٹیکس شرحوں میں مزید اضافے کے بجائے ٹیکس بیس میں توسیع، پالیسی استحکام اور تمام شعبوں کی منصفانہ شمولیت ہی پائیدار محصولات اور معاشی استحکام کی ضمانت بن سکتی ہے۔پاکستان ٹیکس بار ایسوی ایشن نے واضح کیا کہ اگر حکومت نے بجٹ میں حقیقی اصلاحات متعارف نہ کرائیں تو ٹیکس دہندگان کا اعتماد مزید متاثر ہو سکتا ہے جبکہ موثر اور متوازن پالیسیوں کے ذریعے نہ صرف محصولات میں اضافہ بلکہ عوام اور کاروباری طبقے کو حقیقی ریلیف بھی فراہم کیا جا سکتا ہے۔

بقیہ 24

کا عندیہ دیا ہے جس میں صرافہ برادری اپنا بھرپور کردار ادا کرے گی انہوں نے بتایا کہ صرافہ ایسوسی ایشن نے ہمیشہ انتظامیہ کے ساتھ مثالی تعاون کو برقرار رکھا ہے اگر انتظامیہ ہماری معاونت سے صرافہ بازار کو خوبصورت بنانا چاہتی ہے تو ہر ممکن تعاون کو یقینی بنائیں گے ان کا کہنا تھا کہ جس طرح حکومت شہر کے بازاروں کو خوبصورت بنا رہی ہے اب چاہتے ہیں کہ صرافہ بازار ہماری تجاویز کے ساتھ خوبصورت بنایا جائے۔ہمیں امید ہے کہ انتظامیہ ہماری تجاویز کی روشنی میں صرافہ بازار کو خوبصورت بنانے میں تعاون کر یگی اور ہمارا تعاون بھی انتظامیہ کے ساتھ مثالی رہیگا اگر صرافہ بازار کو بیوٹیفکیشن کے تحت خوبصورت بنایا گیا تو اس سرگودھا کو ایک اور خوبصورت صرافہ بازار میسر آئے گا

بقیہ 25

اپنے 5ساتھیوں کو خوب انجوائے کرایا بیچاری لڑکی کو بلیک میل کر کے ویڈیو بنا کر سوشل میڈیا پر وائرل کر دی، ویڈیو وائرل ہونے پر لڑکی نے سی سی ڈی کو درخواست دی تو سی سی ڈی متحرک ہوگئی، اور اوباش نوجوان سمیت اس کے 5ساتھیوں کو گرفتار کرنے پہنچی تو انہوں نے مزاحمت کی جس پر سی سی ڈی نے بھی حفاظت خود اختیاری کے تحت جوابی فائرنگ تو اوباش نوجوان شدید زخمی ہو گیا جبکہ اسکے 5اوباش ساتھی پولیس مقابلہ میں پار ہو گئے جبکہ ان کا سرغنہ اوباش نوجوان زیادہ خون بہہ جانے کے باعث اپنے منطقی انجام کو پہنچ گیا، مبینہ طور ہر پولیس نے لڑکی اور پولیس مقابلے میں ہلاک ہونے والوں کے نام پوشیدہ رکھے ہیں۔

بقیہ 26

چیف آپریٹنگ آفیسر آفتاب گیلانی ایئرپورٹ سیکیورٹی فورس اور قومی ایئرلائن کے اعلیٰ حکام بھی موجود تھے، جنہوں نے عازمین کو خوش آمدید کہا۔قومی ایئرلائن کے مطابق بعد از حج فلائٹ آپریشن کے تحت مختلف شہروں کے لیے خصوصی پروازوں کا سلسلہ جاری رہے گا۔لاہور کے لیے دوسری حج پرواز جدہ سے روانہ ہوگی جبکہ کراچی کے عازمین کو لے کر پہلی خصوصی پرواز آج شام اپنے مقررہ وقت پر پہنچے گی۔ترجمان پی آئی اے کا کہنا ہے کہ بعد از حج آپریشن 30جون تک جاری رہے گا، جس کے دوران جدہ اور مدینہ منورہ س

محرم الحرام کے چاند کی رویت سے متعلق پیشگوئی

نئے اسلامی سال کے آغاز یعنی محرم الحرام کے چاند کی رویت کا شرعی اور حتمی اعلان مرکزی رویت ہلال کونسل کرے گا

ذوالحجہ 1447 ہجری کے 30 دن مکمل ہونیکے بعد یکم محرم 1448 ہجری بدھ 17 جون 2026 کو ہوگی، ریسرچ کونسل

لاہور (این این آئی) رویت ہلال ریسرچ کونسل نے پاکستان میں محرم الحرام کے چاند سے متعلق پیش گوئی کر دی۔ رویت ہلال ریسرچ کونسل کے سیکرٹری جنرل خالد اعجاز مفتی کے مطابق نیا چاند 15 جون 2026 کو پاکستانی وقت کے مطابق صبح 7 بج کر 54 منٹ پر پیدا ہو گا۔ تاہم اسی روز غروب آفتاب (بقیہ نمبر 30)

12 سالہ بچی کی شادی رکوا دی، دلہا، دلہن کے والد گرفتار

12 سال کی بچی کی شادی 22 سال کے لڑکے سے کروائی جا رہی تھی

دادو (این این آئی) دادو پولیس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے نیو سبزی منڈی میں 12 سال کی بچی کی شادی رکوا دی۔ ایس ایس پی دادو کے مطابق 12 سال کی بچی کی شادی 22 سال کے لڑکے سے کروائی جا رہی تھی۔ انہوں نے بتایا کہ بچی کو تحویل میں لے کر دلہا اور (بقیہ نمبر 31)

سکردو: حلقہ نمبر تین میں ن لیگ کے امیدوار اجمل حسین کے حق میں ہونیوالے اجتماع میں بڑی تعداد میں لوگ شریک ہیں

پنجاب بار کونسل کی وکلاء کو ڈگریوں کی تصدیق

نرولمنٹ فائلیں جمع نہ کرانیوالوں کو تنبیہ، آئندہ اجلاس میں لائحہ عمل کا اعلان کیا جائیگا

لاہور (این این آئی) پنجاب بار کونسل نے وکلاء کے تعلیمی ریکارڈ اور پیشہ ورانہ دستاویزات کی جانچ پڑتال کے عمل کو مزید موثر اور شفاف بنانے کیلئے اہم فیصلہ کرتے ہوئے بعض جامعات سے ایل ایل بی کی ڈگری رکھنے والے وکلاء کو اسناد کی تصدیق اور مطلوبہ دستاویزات جمع کرانے کے لیے مزید مہلت دینے کا اعلان کیا ہے۔ یہ اعلان پنجاب بار کونسل (بقیہ نمبر 32)

پنجاب میں امسال 20 لاکھ سے زائد جانور قربان کئے گئے

لاہور (این این آئی) اعداد و شمار کے مطابق پنجاب بھر میں اس سال مجموعی طور پر 20 لاکھ 28 ہزار 217 جانور قربان کیے گئے جو گزشتہ سال کے مقابلے میں واضح اضافہ۔ گزشتہ سال یہ تعداد 15 لاکھ 34 ہزار (بقیہ نمبر 34)

حکومت کا سالانہ پلان کوارڈی نیشن کمیٹی کا اجلاس ہوگا

اجلاس میں اگلے مالی سال کے لیے پبلک سیکٹر ڈویلپمنٹ پروگرام کا جائزہ لیا جائیگا

اسلام آباد (این این آئی) بجٹ 2026-27 کے سلسلہ میں وفاقی حکومت کی سالانہ پلان کوارڈی نیشن کمیٹی کا اجلاس آج (پیر) یکم جون کو ہوگا۔ وفاقی وزیر منصوبہ بندی کی زیر صدارت اجلاس میں وزارتوں اور صوبائی حکومتوں کے حکام شریک ہوں گے۔ اجلاس میں اگلے مالی سال کے لیے پبلک سیکٹر ڈویلپمنٹ پروگرام کا جائزہ لیا جائے گا، پلان (بقیہ نمبر 33)

24 گھنٹوں میں ہرمز سے 28 بحری جہاز کامیابی سے گزرے، پاسداران انقلاب

تہران (این این آئی) ایرانی پاسدارانِ انقلاب نے دعویٰ کیا ہے کہ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران آبنائے ہرمز سے (بقیہ نمبر 35)

اسلام آباد ٹریفک حادثے میں 4 افراد جاں بحق، پانچ زخمی

لینڈ کروزر، ایک دوسری گاڑی کے ڈرائیور آپس میں ریس لگا رہے تھے جنہوں نے اس دوران 6 موٹر سائیکلوں کو روند دیا

جاں بحق ہونے والوں میں محمد فضل اور عامر کی شناخت ہو چکی ہے جبکہ دیگر دو افراد کی شناخت ابھی تک نہیں ہو سکی، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) بھارہ کہو کے علاقے اٹھال چوک میں تیز رفتار گاڑی کی ٹکر سے 4 افراد جاں بحق اور پانچ زخمی ہو گئے۔ ذرائع کے مطابق مرنیوالوں کے لواحقین کا کہنا ہے لینڈ کروزر اور ایک دوسری گاڑی کے ڈرائیور آپ میں ریس لگا رہے تھے جنہوں نے اس دوران 6 موٹر سائیکلوں کو (بقیہ نمبر 56)

ایکس سروس مین سوسائٹی نے ''لوڈے سپہ سالار'' منایا

فیلڈ مارشل نے 10 مئی کو قوم کو فتح دلا کر پاکستانی قوم کا سر فخر سے بلند کیا

لاہور (این این آئی) پاکستان ایکس سروس مین سوسائٹی نے ملک بھر میں ''لوڈے سپہ سالار'' منایا۔ سوسائٹی کے 40 لاکھ سابق فوجی ممبران نے ملک بھر میں فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کیلئے بطور ''سپہ سالار لوڈے'' منایا۔ پاکستان ایکس سروس مین سوسائٹی کے ترجمان نے (بقیہ نمبر 57)

لڑکیاں انارکلی چوک میں لگے سٹالز سے کتابیں خرید رہی ہیں

اوباش افراد نے دوستی سے انکار پر فائر مار کر نوجوان کو زخمی کر دیا

سرگودھا (این این آئی) اوباش افراد نے دوستی سے انکار پر فائر مار کر نوجوان کو زخمی کر دیا اور فرار ہو گئے، جس پر زخمی کو ہسپتال منتقل کر کے پولیس مصروف تفتیش ہے۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا ریجن کے علاقہ مکڑوال (بقیہ نمبر 58)

کراچی، ٹریلر کی موٹر سائیکل کو ٹکر، ایک شخص جاں بحق، خاتون زخمی، ڈرائیور گرفتار

کراچی (این این آئی) کراچی موچکو میں ٹرالر کی موٹر سائیکل کو ٹکر سے ایک شخص جاں بحق، خاتون زخمی ہو گئی۔ ایس ایچ او موچکو سہیل فاروق کے مطابق جاں بحق شخص کی شناخت 40 سالہ عرفان ولد فیض محمد اور شدید (بقیہ نمبر 59)

پیٹرولیم قیمتوں میں 122 روپے کمی ہونی چاہیے تھی

حکومت آئندہ مالی سال کے بجٹ میں اپنے اخراجات میں 40 فیصد کٹوتی کرے

لاہور (این این آئی) چیئرمین پبلک ایکشن فورم آصف سلیم مٹھا نے کہا ہے کہ عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں ہونے والی نمایاں کمی کے تناسب سے پاکستان میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں 122 روپے فی لیٹر تک کمی بنتی تھی تاہم عوام کو اس کا مکمل ریلیف نہیں دیا گیا۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ خطے میں پاکستان واحد ملک ہے جہاں (بقیہ نمبر 61)

غیر معیاری ادویات، دو میڈیکل سٹورز کے چالان، ادویات ضبط

سرگودھا (این این آئی) محکمہ صحت نے غیر قانونی کلینک کو سیل کر کے دو میڈیکل اسٹورز سے غیر معیاری ادویات ضبط کر کے ان کے چالان کر دیئے۔ ذرائع کے مطابق محکمہ صحت کے ڈرگ کنٹرولر نے شہر کے علاقہ بلاک 25 میں چھاپہ مار کر بغیر سائن بورڈ اور (بقیہ نمبر 60)

ابراہیمی معاہدہ مسلم ممالک کیخلاف پھندا ہے، جے یو آئی

پاکستان کسی دباؤ میں آ کر اسرائیل کو تسلیم کرے نہ ہی معاہدے پر دستخط کرے

لاہور (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (س) لاہور کے امیر و مرکزی سالار مولانا قاری اعظم حسین، امیر مولانا پیر عبدالقدوس نقشبندی، ناظم اعلیٰ مولانا ایوب خان، ڈپٹی سیکرٹری پیر اکبر ساقی، لاہور کے ناظم اعلیٰ مولانا طیب عثمانی، نائب امیر مولانا صلاح الدین ایوبی، قاری واحد بخش، قاری رحمت اللہ لاشاری، انجینئر خالد ٹیپو، عبد الحمید تونسوی، مولانا محمد (بقیہ نمبر 62)

MQM اپنی سیاست زندہ کرنیکی ناکام کوشش میں ہے، شرجیل میمن

کراچی میں جاری ترقیاتی منصوبوں کو پروپیگنڈے سے جھٹلایا نہیں جا سکتا، صوبائی وزیر سندھ شرجیل انعام میمن

کراچی میں جاری ترقیاتی منصوبے زمینی حقائق ہیں جنہیں کسی بھی پروپیگنڈے سے جھٹلایا نہیں جا سکتا، سینئر صوبائی وزیر

کراچی (این این آئی) سینئر وزیر سندھ شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ ایم کیو ایم بے بنیاد الزامات اور پرانی فرسودہ کہانیوں کے سہارے اپنی سیاست زندہ کرنے کی ناکام کوشش کر رہی ہے۔ ایم کیو ایم پاکستان کے رہنماؤں کی پریس کانفرنس پر ردعمل دیتے ہوئے شرجیل انعام میمن نے کہا کہ ایم کیو ایم کی سیاست ہمیشہ نعروں، الزامات اور بحران پیدا کرنے کے گرد گھومتی رہی ہے، آج بھی وہی پرانا طرز عمل دہرایا جا رہا ہے، صوبائی خود مختاری، آئینی اختیارات اور بلدیاتی نظام کو سب سے زیادہ ایم کیو ایم نے متنازع بنانے کی کوشش کی۔ شرجیل انعام میمن نے کہا کہ کراچی میں جاری ترقیاتی منصوبے زمینی حقائق ہیں جنہیں کسی بھی پروپیگنڈے سے جھٹلایا نہیں جا سکتا، ملیر لائن، شاہراہ بھٹو اور دیگر منصوبے ثبوت ہیں کہ سندھ حکومت عملی کام پر یقین رکھتی ہے، کسی بھی عوامی مقام کے حوالے سے اگر کوئی قانونی یا انتظامی مسئلہ ہے تو اس کا حل عدالتوں اور متعلقہ اداروں کے ذریعے ہونا چاہیے۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ افسوس ہے کہ جو عناصر برسوں اپنی (بقیہ نمبر 63)

فوری ضرورت

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar

کو ملک بھر کے چھوٹے بڑے شہروں سے

نمائندگان و بیورو چیف درکار ہیں

خواہشمند امیدوار رابطہ کریں۔

0312-7786354

www.awamilalkaar.com

مجرمانہ خاموشی یا اثر و رسوخ کی چھتری؟ دوہرا قتل کیس دب جانے کی نذر

خون کی ہولی، دوہرے قتل کو دو ہفتے بیت گئے، پولیس اور سی سی ڈی کی پراسرار خاموشی نے کئی سوالات کھڑے کر دیے

سفید پوشی کا جنازہ نام نہاد سماجی تنظیمیں اور سیاسی پیشوا مصلحت کا شکار، حافظ آباد کے بااثر پٹواری کے سامنے قانون بے بس؟

انصاف کا تقاضا یا بااثر کی لونڈی؟ مقتولین کے ورثا کی دہائی، کیا گوجر خان میں قانون کی رٹ صرف غریب کیلئے ہے؟

گوجر خان (قمر شہزاد) گوجر خان کے قلب ریلوے روڈ پر دن دیہاڑے دو تاجر بھائیوں کے بہیمانہ قتل کی لرزہ خیز واردات خون کی ہولی کھیلے ہوئے 14 دن گزرنے کے باوجود قانون نافذ کرنے والے ادارے کسی بڑی پیش رفت میں ناکام نظر آتے ہیں۔ مقتول (بقیہ نمبر 40)

جرخان کے قلب ریلوے روڈ پر دن دیہاڑے دو تاجر بھائیوں کے بہیمانہ قتل کی لرزہ خیز واردات، دو ہفتے گزرنے کے باوجود بھی پولیس، سی سی ڈی کی کاروائی صفر کیوں؟ اہل خانہ کا سوال

اسرائیلی فوج کا لبنان میں بوفرٹ قلعہ پر قبضہ، 9 شہید

واضح رہے کہ 17 اپریل سے جنگ بندی نافذ ہے لیکن عمل درآمد نہیں ہوا

بیروت، تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی فوج نے دعویٰ کیا ہے کہ اس نے جنوبی لبنان میں یک سٹریٹجک پہاڑ پر واقع بوفرٹ قلعہ پر قبضہ کر لیا ہے، بمباری میں (بقیہ نمبر 41)

امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن اپنی ہی جماعت کے رہنما صدیق سومرو کے جوانسالہ بیٹے کے قتل پر اظہار افسوس کے بعد فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

پیپلز پارٹی کی تحصیل صدر پیپلز یوتھ کے قتل کی مذمت

مقدمہ کی تفتیش و تحقیق سی ٹی ڈی کے سپرد کی جائے، راجہ پرویز اشرف

لاہور (این این آئی) سابق وزیر اعظم اور پاکستان پیپلز پارٹی وسطی پنجاب کے صدر راجہ پرویز اشرف، جنرل سیکرٹری سید حسن مرتضیٰ، سینئر نائب صدر رانا فاروق سعید اور سیکرٹری اطلاعات شہزاد سعید چیمہ نے تحصیل صدر پیپلز یوتھ پاکپتن اسلام شاہ کھگہ کے بہیمانہ قتل کی شدید مذمت کرتے ہوئے واقعہ میں ملوث افراد کو فوری طور پر گرفتار کر کے قرار واقعی سزا دینے (بقیہ نمبر 39)

نمبر پلیٹس سے چھیڑ چھاڑ کرنیوالوں کیخلاف کریک ڈاؤن

چالان سے بچنے کیلئے نمبر پلیٹ کی شناخت تبدیل کرنا سنگین خلاف ورزی، سی ٹی او

لاہور (این این آئی) ٹریفک پولیس نے نمبر پلیٹس سے چھیڑ چھاڑ کرنے اور غیر قانونی نمبر پلیٹس استعمال کرنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن شروع کر دیا ہے۔ اس حوالے سے متعلقہ افسران کو سخت کارروائی کی ہدایت جاری کر دی گئی ہے۔ سی ٹی او لاہور سید عبدالرحیم شیرازی کے مطابق ای چالان سے بچنے کے لیے نمبر پلیٹ کی شناخت تبدیل کرنا سنگین (بقیہ نمبر 38)

نواز شریف کا فیصلہ، آج پاکستان کا دفاع ناقابل تسخیر

صدر لیگ (ن) کی جانب سے یوم تکبیر اور عید ملن کی مناسبت سے پروقار تقریب

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) لاہور کے صدر سیف الملوک کھوکھر کی جانب سے کھوکھر پیلس میں یوم تکبیر اور عید ملن کی مناسبت سے پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں لیگی کارکنان اور عوام کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر ملک و قوم کی سلامتی، ترقی اور استحکام کے لیے خصوصی دعا کی گئی اور کیک بھی کاٹا گیا۔ تقریب (بقیہ نمبر 37)

ساڑھے 7 لاکھ ٹن سرپلس چینی موجود ہوگی، شوگر ملز

ملکی ضروریات سے زائد چینی کو برآمد کرنے کی اجازت دی جائے، چیئرمین

لاہور (این این آئی) پاکستان شوگر ملز ایسوسی ایشن کے چیئرمین چوہدری ذکاء اشرف نے ڈپٹی وزیر اعظم اسحاق ڈار کو ملکی ضروریات سے زائد چینی کو برآمد کرنے کا مطالبہ دہراتے ہوئے کہا ہے کہ ہم وفاقی کابینہ کے شکر گزار ہیں کہ اس نے ڈپٹی وزیر اعظم کی سربراہی میں کابینہ کمیٹی تشکیل دی جو اضافی چینی کی برآمد کی ہماری درخواست پر فیصلہ کرے گی۔ (بقیہ نمبر 36)

چڑیا گھر کی سیر کیلئے آئی فیملیاں داخلی راستے پر ٹکٹ چیک کرا رہی ہیں

حجاج کے سامان، آب زم زم بارے ایئر لائنز پالیسی

تمام حجاج کو اپنے ذاتی سامان کے ساتھ آب زم زم لانے کی اجازت نہیں ہوگی

لاہور (این این آئی) ایئر لائنز نے حج سے وطن واپس آنیوالے حجاج کرام کیلئے سامان کے وزن اور آب زم زم کی ترسیل سے متعلق پالیسی جاری کر دی۔ اعلامیے کے مطابق تمام حجاج کو اپنے ذاتی سامان کے ساتھ آب زم زم لانے کی اجازت نہیں ہوگی، پاکستانی حجاج کو 5 لیٹر آب زم زم وطن واپسی پر ایئر پورٹ پر فراہم کیا جائے گا جبکہ سعودی ایئر لائنز (بقیہ نمبر 54)

پنجاب، 6 ہزار ارب کا بجٹ تیار، نیا ٹیکس نہ لگانیکی تجویز

سرکاری ملازمین کی تنخواہوں اور پنشن میں وفاق کے برابر اضافے کا امکان

سستی خوراک، زراعت، امن و امان ترجیحات قرار

ترقیاتی منصوبوں کیلئے 1500 ارب روپے مختص کرنے کی تجویز دی گئی ہے

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت کا مالی سال 2026-27ء کا بجٹ تیاری کے آخری مراحل میں داخل ہو گیا۔ ذرائع وزارت خزانہ کے مطابق آئندہ بجٹ میں کوئی نیا ٹیکس عائد نہ کرنے کی تجویز زیر غور ہے، تاہم ٹیکس نیٹ کو وسعت دینے اور بعض سروسز پر ٹیکس کی شرح میں رد و بدل کیا جا سکتا ہے۔ ذرائع کے مطابق بجٹ کا بنیادی فوکس تعلیم، صحت، سڑکوں کی تعمیر، صفائی ستھرائی، زراعت، امن و امان اور عوام کو سستی خوراک کی فراہمی پر (بقیہ نمبر 55)

گورنر کے پی کے فیصل کنڈی روزنامہ پشتون ملت کی 14 ویں سالگرہ کا کیک کاٹ رہے ہیں

محرم آمد، نفرت انگیز مواد پھیلانیوالوں کیخلاف کریک ڈاؤن

سرگودھا میں دو، منڈی میں مقدمہ درج کر کے پولیس نے ملزمان کو گرفتار کر لیا

سرگودھا (این این آئی) محرم الحرام میں امن و امان کو برقرار رکھنے اور مذہبی ہم آہنگی کے لئے امن کمیٹیوں کو فعال کر کے سوشل میڈیا پر نفرت انگیز مواد پھیلانے والے عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن کا فیصلہ کر لیا گیا جس کے تحت سرگودھا میں دو اور منڈی میں مقدمہ درج کر کے پولیس نے ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ ذرائع کے مطابق محرم الحرام میں امن و امان کو برقرار رکھنے اور مذہبی ہم آہنگی کے لئے امن کمیٹیوں کو فعال کر کے سوشل میڈیا پر نفرت انگیز، (بقیہ نمبر 64)

مسلح افراد نے چچا، بھتیجے کو قتل، تین افراد کو زخمی کر دیا

مقتولین کی نعشیں پوسٹمارٹم کیلئے ہسپتال منتقل کر کے پولیس مصروف تفتیش

سرگودھا (این این آئی) رشتہ کے تنازعہ پر مسلح افراد نے فائرنگ کر کے چچا اور بھتیجے کو قتل اور تین افراد کو زخمی کر دیا اور فرار ہو گئے جس پر مقتولین کی نعشیں پوسٹمارٹم کیلئے ہسپتال منتقل کر کے پولیس مصروف تفتیش ہے۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا کے قصبہ قصبہ جھاوریاں کے گاں مانگے والا میں رشتے کے تنازعہ پر مسلح افراد نے فائرنگ کر کے 50 سالہ چچا یوسف اور 30 سالہ بھتیجے اجمل کو قتل اور تین افراد کو شدید زخمی کر دیا اور فرار ہو گئے جس پر مقتولین کی (بقیہ نمبر 65)

وزیر اعلیٰ کے پی ناراض ایم پی ایز کو منانے کیلئے متحرک، ارکان سے رابطے تیز کر دیے

پشاور (این این آئی) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی اپنی جماعت کے ناراض ایم پی ایز کو منانے کے لیے متحرک ہو گئے۔ ذرائع کا بتانا ہے کہ سہیل آفریدی رات گئے ایم پی اے عبدالغنی آفریدی کی رہائش گاہ پہنچے جہاں انہوں نے عبدالغنی آفریدی سے ملاقات کی۔ پارٹی ذرائع کے مطابق وزیر اعلیٰ نے متعدد ناراض اراکین اسمبلی سے ٹیلیفونک رابطے بھی کیے جبکہ کئی ارکان نے اپنے تحفظات سے متعلق پارٹی کی مرکزی قیادت کو آگاہ کیا۔ پی ٹی آئی ذرائع کے مطابق (بقیہ نمبر 66)

ایڈیٹر انچیف۔ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

KP ٹیکس فری بجٹ تیار، حجم 2300 ارب سے تجاوز کرنیکا امکان

سال 2026-27 کیلئے مرکز سے 1671 ارب ملنے کا امکان، 159 ارب دہشتگردی کیخلاف جنگ کے حوالے سے ہونگے

صوبے کو اپنے وسائل سے 150 ارب آمدنی کی توقع ہے، 99 ارب ٹیکسوں جبکہ 51 ارب دیگر مدات سے حاصل ہونگے

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا حکومت نے اگلے مالی سال کے بجٹ اور سالانہ ترقیاتی پروگرام کی تیاری مکمل کر لی، جس کے تحت اگلے مالی سال کے بجٹ میں کوئی نیا ٹیکس نہیں لگایا جا رہا، ٹیکس فری بجٹ پیش کیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق اگلے مالی سال کے بجٹ کا حجم 2300 ارب سے زائد رہنے کا امکان (بقیہ نمبر 46)

گجرات، دفعہ 144 نہروں، دریاؤں میں نہانے پر پابندی

آپ کی جان ہمارے لیے قیمتی، لہذا احتیاطی ہدایات پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے

گجرات (این این آئی) ضلع گجرات میں دفعہ 144 نافذ ہے۔ شہریوں کی جانوں کے تحفظ کیلئے ریسکیو 1122 اور پیرا کی ٹیمیں دریائے چناب، دریائے جہلم، اپر جہلم کینال، ساروکی اور دیگر ندی نالوں کے اطراف مسلسل پٹرولنگ کر رہی ہیں۔ ضلعی (بقیہ نمبر 50)

ایشین ہاکی فیڈریشن کے زیر اہتمام انڈر 18 ایشیا کپ میں پاکستان اور ملائیشیا کی ٹیم مدمقابل

حزب اللہ کا اسرائیل پر ایک روز میں مجموعی طور پر 24 حملے کرنے کا دعویٰ

بیروت (این این آئی) حزب اللہ نے دعویٰ کیا ہے کہ اس نے ہفتے کے روز جنوبی لبنان اور شمالی اسرائیل میں مجموعی طور پر 24 حملے کیے جن کا ہدف اسرائیلی فوجی دستے، گاڑیاں اور فوجی تنصیبات تھیں۔ تنظیم کے مطابق (بقیہ نمبر 47)

ایران، امریکا معاہدے کے غیر رسمی مسودے میں آبنائے ہرمز اور منجمد اثاثے شامل

تہران (اے ایف پی) ایران کے سرکاری میڈیا نے امریکا کے ساتھ غیر رسمی معاہدے کا مسودہ جاری کر دیا۔ ایرانی سرکاری ٹی وی کے مطابق امریکا کے ساتھ اسلام آباد مفاہمت کا غیر رسمی مسودہ تیار ہے تاہم (بقیہ نمبر 48)

شادباغ میں مبینہ پولیس مقابلہ، ایک ڈاکو ہلاک، ساتھی فرار

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور کے علاقہ شادباغ میں مبینہ پولیس مقابلے کے دوران ایک ڈاکو ہلاک جبکہ اس کا ساتھی فرار ہونے میں کامیاب ہو گیا۔ پولیس کے مطابق ملزمان واردات کے بعد فرار ہو رہے تھے کہ پیٹرولنگ ٹیم نے ان کا تعاقب (بقیہ نمبر 49)

ایکسپریس وے، ٹریفک حادثہ، موٹر سائیکل سوار 2 افراد جاں بحق

کراچی (این این آئی) کراچی لیاری ایکسپریس وے سہراب گوٹھ کے قریب تیز رفتاری کے باعث موٹر سائیکل سوار 2 افراد جاں بحق ہو گئے۔ پولیس حکام کے مطابق برآمد دستاویزات کی مدد سے ایک (بقیہ نمبر 44)

پسند کی شادی کرنے والی خاتون پر اہل خانہ کا تشدد، مقدمہ درج

پاکپتن (این این آئی) پاکپتن میں پسند کی شادی کرنے والی خاتون کو گھر والوں کے تشدد کا نشانہ بنا دیا۔ پولیس کے مطابق خاتون پر تشدد کا واقعہ پاکپتن کے علاقے شاہ (بقیہ نمبر 45)

ایران کا نتائج کے بغیر امریکہ سے ڈیل نہ کرنیکا اعلان

اپنے عوام کے حقوق کا تحفظ معاہدے کی بنیادی شرط ہے، ایرانی سپیکر

تہران (این این آئی) ایرانی سپیکر محمد باقر قالیباف نے واضح کیا ہے کہ ٹھوس نتائج کے بغیر امریکہ سے کوئی ڈیل نہیں ہوگی۔ ایرانی میڈیا کے مطابق محمد باقر قالیباف نے پارلیمنٹ کے ورچوئل اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایران کو مخالف فریق کے وعدوں پر اعتماد نہیں ہے، اس لئے کسی بھی معاہدے میں پیش رفت کا واحد معیار حقیقی اور قابل تصدیق (بقیہ نمبر 42)

جڑانوالہ، سوتیلے بہن بھائی کی پھندا لگی لاشیں ملنے کا معاملہ

واصف اور فاطمہ کو ماں نے سوتیلے والد کے ساتھ مل کر قتل کیا

فیصل آباد (این این آئی) جڑانوالہ چک 563 میں سوتیلے بہن بھائی کی پھندا لگی لاشیں ملنے کا معاملہ واصف اور فاطمہ کو ماں نے سوتیلے والد کے ساتھ مل کر قتل کیا تفصیلات کے مطابق واصف اور فاطمہ کو ماں نے سوتیلے والد کے ساتھ مل کر قتل کیا۔ واصف کا سوتیلا باپ ارشد، ماں نصرت اور ساتھی ملزم نصیر گرفتار جڑانوالہ تھانہ بچیانہ میں مقتول واصف کے (بقیہ نمبر 43)

18 سالہ نوجوان نے پنکھے سے پھندا لگا کر خودکشی کر لی

نعش تحصیل ہسپتال منتقل کر کے ضروری کاروائی کے بعد ورثا کے سپرد کر دی گئی

سرگودھا (این این آئی) گھریلو حالات سے دلبرداشتہ 18 سالہ نوجوان نے پنکھے سے پھندا لگا کر خودکشی کر لی جس کی نعش ضروری کاروائی کے بعد ورثا کے سپرد کر کے پولیس مصروف تفتیش ہے۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا کے قصبہ شاہ پور کے علاقہ عاقل شاہ میں 18 سالہ نوجوان شہزاد احمد گھر میں اکیلا تھا جس نے پنکھے کے ساتھ پھندا لگا کر خودکشی کر لی جس کی نعش (بقیہ نمبر 51)

اے آئی شعبے میں نمایاں صلاحیتوں کا مظاہرہ

اقصیٰ اشرف ایڈووکیٹ کو ''سرٹیفکیٹ آف جینئس'' جاری کر دیا گیا

لالہ موسیٰ (این این آئی) مصنوعی ذہانت کے شعبے میں نمایاں صلاحیتوں کا مظاہرہ کرنے پر اقصیٰ اشرف ایڈووکیٹ کو معروف اے آئی پلیٹ فارم کلاڈ (Claude Al) کی جانب سے ''سرٹیفکیٹ آف جینئس'' جاری کر دیا گیا۔ سرٹیفکیٹ کے مطابق اقصیٰ اشرف ایڈووکیٹ آف فیصل آباد نے غیر معمولی ذہنی تجسس، گہری فلسفیانہ سوچ اور مصنوعی ذہانت (بقیہ نمبر 52)

iESCO

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس 01 جون 2026ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول۔

اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سالانہ سسٹم مینٹیننس/ڈویلنٹ ورکس/اے ایم آئی میٹرز تنصیب کے باعث آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔

* یکم جون 2026 جی ایس او سرکل: صبح 06:00 بجے سے دوپہر 03:00 بجے تک۔
* آزاد پتن: صبح 08:00 بجے سے شام 04:00 بجے تک۔
* 132KV نئی واہ گرڈ اسٹیشن: صبح 08:00 بجے سے شام 06:00 بجے تک۔
* 132KV گرڈ اسٹیشن چکوال، تلہ گنگ، بگوال کہوٹہ سٹی۔ پالندری۔
* 132KV نیو واہ باہتر موڑ اور گردونواح کے علاقے ابند رہیں گے۔

آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ اگر کام مقررہ وقت سے پہلے مکمل ہو گیا تو بجلی کی فراہمی شیڈول وقت سے پہلے بھی بحال کی جا سکتی ہے۔

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر

صرف 5000/- روپے میں

اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ

ہم سے بنوائیں۔

وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ

Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup

News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website

ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا

سی پینل اور ورڈپریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے

یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے

E-Commerce Website Price: 6000/-

Call / Whatsapp 0309-7900035